www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 12 | جمعہ 18 ستمبر 2026ء بمطابق 05 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 51 | قیمت 10 روپے

حرمین شریفین کی حرمت، سعودی عرب کی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، دفتر خارجہ

حوثیوں کا گھناؤنا حملہ انتہائی تشویش اور قابل مذمت ہے، حملے سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے، باب المندب کی صورتحال بھی باعث تشویش ہے

امن و استحکام پورے خطے کے مفاد میں ہے اور حوثیوں کو اپنی سرگرمیاں روکنا ہوں گی، پاکستان مکہ معاہدے کا پابند اور سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حوثیوں کا گھناؤنا حملہ انتہائی تشویش اور قابل مذمت ہے، حملے سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے، پاکستان مکہ معاہدے کا پابند اور سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، باب المندب کی صورتحال بھی باعث تشویش ہے، بھارتی بحری جہاز نے پاکستانی بحریہ کے جہاز کے انتہائی قریب جارحانہ نقل و حرکت کی جس کے نتیجے میں دونوں بحری جہازوں کے درمیان ٹکر ہوئی، بھارتی کارروائی بین الاقوامی قانون اور 1991 کے دوطرفہ معاہدے کی سنگین خلاف ورزی ہے، پاکستان نے بھارتی ناظم الامور کو طلب کیا اور بھارتی بحری جہاز کے پاک بحریہ کے جہاز کو ٹکر مارنے سمیت بھارتی بحریہ کی اشتعال انگیزی پر شدید احتجاج ریکارڈ کرایا، بھارت جنوبی ایشیا کو مزید عدم استحکام سے دوچار کرنے والی غیر ذمہ دارانہ کارروائیوں سے باز رہے۔ جمعرات کو ہفتہ وار پریس بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان مشرق وسطیٰ میں جاری حوثی حملوں سے پیدا ہونے والی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے مکہ مکرمہ اور مقامات مقدسہ پر حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے تمام فریقوں پر تحمل کا مظاہرہ کرنے

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

کفایت شعاری مہم: بازار 9 بجے، شادی ہال 10 بجے بند کرنے کا حکم

سرکاری گاڑیوں کے لیے تین ماہ کے عرصے تک ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کی جائے گی، فارمیسی، اسپتال، بیکری، ملک شاپ، تندور اوقات کار سے مستثنیٰ، شادی کی تقریب ون ڈش ہوگی، کابینہ ڈویژن، نوٹیفکیشن جاری

تمام اقسام کی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی جارہی ہے، تمام پائیدار اشیا کی خریداری پر مکمل پابندی ہوگی، غیر ملکی وفود کے سوا سرکاری عشائیوں کی میزبانی پر مکمل پابندی ہوگی، وفاقی کابینہ ڈویژن نے نوٹیفکیشن جاری کردیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے کفایت شعاری مہم کے تحت بازار 9 بجے اور شادی ہال 10 بجے بند کرنے کے احکامات جاری کردیے، شادی کی تقاریب میں صرف ون ڈش ہوگی، فارمیسی، اسپتال، بیکری، ملک شاپ، تندور و دیگر اوقات کار سے مستثنیٰ ہوں گے۔ وفاقی حکومت نے ایندھن کی بچت اور اضافی کفایت شعاری کے اقدامات کی نگرانی اور عملدرآمد سے متعلق احکامات جاری کیے ہیں جس کا وفاقی کابینہ ڈویژن نے نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ کمیٹی کی سفارشات پر غور کے بعد کفایت شعاری اور ایندھن بچت کے اقدامات پر فوری طور پر عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔ احکامات میں کہا گیا ہے کہ سرکاری گاڑیوں کے لیے تین ماہ کے عرصے تک ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کی جائے گی۔ مالی سال 2026-27 کے پورے عرصے کے لیے نان ای آر ای بجٹ میں 5 فیصد کمی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

سپریم کورٹ: ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزائیں معطل، ضمانت پر رہائی کا حکم

سپریم کورٹ نے 12 مئی کو ہائی کورٹ کو سزا معطلی کی درخواستوں پر دو ہفتوں میں فیصلہ کرنے کی ہدایت کی تھی

وکیل نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں ہونے والی مختلف سماعتوں کی آرڈر شیٹس عدالت کے سامنے پیش کیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سپریم کورٹ نے وکیل ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ ایڈووکیٹ کی سزا معطلی کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے دونوں کی سزائیں معطل اور اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ ہونے تک ضمانت پر رہائی کا حکم دے دیا۔ جسٹس نعیم اختر افغان کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے آج ایمان اور ہادی کی درخواستوں پر سماعت کی، عدالت نے دو لاکھ روپے

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

سہیل آفریدی کی اپوزیشن رہنماؤں سے ملاقات، 27 ستمبر مارچ بارے تبادلہ خیال

وزیراعلیٰ نے پنجاب میں سٹریٹ موومنٹ اور پنجاب حکومت کے اقدامات پر قائدین کو تفصیلی بریفنگ دی

محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی پرامن سٹریٹ موومنٹ کو سراہا

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی اور اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ ناصر عباس سے ملاقات ہوئی۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے پنجاب میں سٹریٹ موومنٹ اور پنجاب حکومت کے اقدامات پر قائدین کو تفصیلی بریفنگ دی، محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس نے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی پرامن اسٹریٹ

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

(ن) لیگ پی ٹی آئی سے بڑا جلسہ کرے تو سیاست چھوڑ دوں گا، سہیل آفریدی

جلسے کے لیے پنجاب کے کسی بھی شہر کا انتخاب مسلم لیگ (ن) خود کرے اور پی ٹی آئی کے لیے بھی وہ اپنی مرضی کا کوئی بھی شہر منتخب کرلے

دن، تاریخ اور وقت بھی مسلم لیگ (ن) خود طے کرے، شرط صرف یہ ہے کہ دونوں جماعتوں کو مکمل اور یکساں لیول پلیئنگ فیلڈ دی جائے

مسلم لیگ (ن) کو اپنی کارکردگی اور عوام کی حمایت پر یقین ہے تو چیلنج قبول کرنے میں ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیے، وزیراعلیٰ کے پی

خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے پاکستان مسلم لیگ (ن) سیاسی چیلنج دیتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب کے کسی بھی شہر میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے مقابلے میں بڑا جلسہ کرکے دکھائے تو سیاست چھوڑنے کے لیے تیار ہوں۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ جلسے کے لیے پنجاب کے کسی بھی شہر کا انتخاب مسلم لیگ (ن) خود کرے اور پی ٹی آئی کے لیے بھی وہ اپنی مرضی کا کوئی بھی شہر منتخب کرلے، دن، تاریخ اور وقت بھی مسلم لیگ (ن) خود طے کرے، شرط صرف یہ ہے کہ دونوں جماعتوں کو مکمل اور یکساں لیول پلیئنگ فیلڈ دی جائے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کا جلسہ عوامی شرکت کے اعتبار سے پی ٹی آئی کے جلسے سے بڑا ثابت ہوا تو میں سیاست چھوڑنے کے لیے تیار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اگر پی ٹی آئی کا جلسہ بڑا ہوا تو مسلم لیگ (ن) کو پنجاب کے عوام کے سامنے اپنے عوامی مینڈیٹ سے متعلق اٹھنے والے سوالات، سیاسی کارکنوں پر ظلم و جبر اور اپنی طرز حکمرانی اور بدترین کارکردگی پر جواب دینا ہوگا اور عوام سے معذرت کرکے اپنی سیاسی حکمت عملی اور قیادت پر نظرثانی کرنی ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ میں یہ چیلنج ایک بار پھر پوری وضاحت کے ساتھ پیش کر رہا ہوں، اگر مسلم لیگ (ن) کو اپنی کارکردگی اور پنجاب کے عوام کی حمایت پر یقین ہے تو اسے یہ چیلنج قبول کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ میرا مؤقف ہے کہ مسلم لیگ (ن) (کے لیے) سب سے بڑا سیاسی امتحان خود مریم نواز کی ناجائز مینڈیٹ کے ذریعے مسلط

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

گورنر سندھ سید نہال ہاشمی نے کراچی میں گورنر ہاؤس میں سندھ کے وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ سے ملاقات کی

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے لندن میں پاکستان انویسٹمنٹ راؤنڈ ٹیبل سے خطاب کیا

پی ٹی آئی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کو گرفتاری کے بعد رہا کردیا گیا

سلمان اکرم راجہ نے اپنی حراست کے دوران نیک تمناؤں کا اظہار کرنے والے دوستوں کا بھی شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کو چار گھنٹے حراست میں رکھنے کے بعد رہا کردیا گیا۔ رہائی کے بعد اپنے بیان میں سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ انہیں لطاسب ستی، اخلاق ستی اور متعدد دیگر دوستوں کے ہمراہ حبس بے جا میں

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

ڈپٹی انسپکٹر جنرل ویسٹ عرفان بلوچ کا کراچی فیملی قتل کیس میں مشتبہ شخص کی گرفتاری پر میڈیا سے گفتگو

تنقید کرنیوالوں کو جہاز سے نہیں مریم نواز کے کاموں سے تکلیف ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

ان کو 9 ارب روپے کے جہاز سے تکلیف ہے، جہاز میرا نہیں وہ وزیراعلیٰ پنجاب کا ہے، میں گھر نہیں لے کر جاؤں گی

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ہر کوئی اٹھ کر کہتا ہے پنجاب نے ہمارا حق کھالیا، پنجاب نے کسی کا حق نہیں کھایا بلکہ اپنے حصے سے دوسروں کو دیتا رہا ہے۔ ملتان میں الیکٹرک بس سروس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

سعودی عرب پر حوثیوں کا ڈرون حملہ؛ ایک شہری جاں بحق، پاکستانی سمیت 2 زخمی

واقعہ جمعرات کو طائف گورنری میں پیش آیا تھا جہاں حوثیوں کے ڈرون کو فضا میں ہی تباہ کردیا گیا تھا

زخمیوں میں ایک سعودی خاتون اور ایک پاکستانی شہری شامل ہیں جنہیں اسپتال منتقل کردیا گیا

ریاض (ویب ڈیسک) سعودی عرب کے شہر طائف میں حوثیوں کی جانب سے بھیجے گئے ڈرون کو راستے میں روک کر تباہ کردیا گیا تھا تاہم ڈرون کا ملبہ آبادی پر گرنے سے جانی نقصان ہوا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی سول ڈیفنس کے ترجمان نے بتایا کہ یہ واقعہ جمعرات کو طائف گورنری میں پیش آیا تھا جہاں حوثیوں کے ڈرون کو فضا میں ہی تباہ کردیا گیا تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ڈرون کے یہ طائف شہر کے ٹکڑے مختلف مقامات پر گرے جس سے گھروں اور گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا اور ایک یمنی شہری جاں بحق جب کہ دو افراد زخمی ہوگئے۔ ترجمان سعودی سول ڈیفنس نے بتایا کہ زخمیوں میں ایک سعودی خاتون اور ایک پاکستانی شہری شامل ہیں جنہیں اسپتال منتقل کردیا

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

ذخیرہ اندوزوں سے ضبط گندم میں مبینہ خورد برد، اے سی خیرپور سمیت 4 افسران معطل

اسسٹنٹ کمشنر سوبھو دیرو، مختیارکار، ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر خیرپور اور انچارج پی آر سی رانی پور کو معطل کردیا گیا

کارروائی حکومت سندھ کی حالیہ انسداد ذخیرہ اندوزی مہم کے دوران ضبط کی گئی گندم میں مبینہ خرد برد پر کی گئی

کراچی (ویب ڈیسک) حکومت سندھ نے ذخیرہ اندوزوں سے ضبط کی گئی گندم میں مبینہ خورد برد پر اسسٹنٹ کمشنر سوبھو دیرو ضلع خیرپور، مختیارکار اور فوڈ کنٹرولر سمیت 4 افسران کو معطل کردیا۔ حکومت سندھ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے چاروں افسران کو فوری طور پر معطل کردیا ہے اور کہا گیا ہے کہ معطل افسران گندم کی مبینہ خورد برد، بدانتظامی اور بے ضابطگیوں میں ملوث پائے گئے۔ ترجمان چیف سیکریٹری سندھ نے بتایا کہ اسسٹنٹ کمشنر سوبھو دیرو شاہ محمد، مختیارکار سوبھو دیرو وقار شیخ کو فوری طور پر معطل کردیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر خیرپور مشتاق احمد شیخ اور انچارج پی آر سی رانی پور پیر بخش جتوئی کو بھی معطل کیا گیا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ کارروائی حکومت سندھ کی حالیہ انسداد ذخیرہ اندوزی مہم کے دوران ضبط

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

ادویات کنٹینرز روکنے کی خبر پر محسن نقوی کا نوٹس، فوری ریلیز کا حکم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ادویات کے کنٹینرز کو روکنے کے حوالے سے نیوز چینلز پر نشر ہونے والی خبر کا فوری نوٹس لے لیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے آئی جی اسلام آباد پولیس اور چیف کمشنر اسلام آباد سے رابطہ کیا اور ادویات کے تحویل میں لیے گئے کنٹینرز کو فوری طور پر ریلیز کرنے کے احکامات

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

چین کے ساتھ مذاکرات کامیاب، فیصلے خطے کے مستقبل کا تعین کریں گے، عراقچی

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے چین کے ساتھ ہونے والے مذاکرات اور مشاورت کو کامیاب قرار دے دیا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں کہا کہ چین میں شراکت داروں کے ساتھ مشاورت کامیاب رہی۔ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران چین کے ساتھ قائم اسٹریٹجک

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

فیول ریلیف پیکج پر حکومت اور پیٹرولیم ڈیلرز کے مذاکرات کامیاب، ڈیڈلاک ختم

حکومت اور ڈیلرز کے درمیان اتفاق رائے کے بعد فیول ریلیف پیکج پر عملدرآمد کی راہ ہموار ہوگئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت اور پیٹرولیم ڈیلرز کے درمیان فیول ریلیف پیکج پر معاملات طے پاگئے، کامیاب مذاکرات کے بعد پیٹرولیم ڈیلرز نے پیکج پر عملدرآمد شروع کردیا۔ پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن (پی پی ڈی اے) کے مطابق حکومت سے مذاکرات کامیاب رہے اور ادائیگیوں کے طریقہ کار کا نوٹیفکیشن جلد جاری کردیا جائے

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکریٹریٹ کا سندھ سیکریٹریٹ کراچی میں اجلاس

سینیٹر رانا محمود الحسن کا زرعی جامعات کو اتھارٹی کی تحقیق اور ترقی کے امور سے منسلک کرنے کی ضرورت پر زور

آریڈ ایگریکلچر یونیورسٹی کے نمائندگان، کابینہ ڈویژن کے حکام اور دیگر ماہرین بھی شریک ہوئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکریٹریٹ کا اجلاس سندھ سیکریٹریٹ کراچی میں منعقد ہوا، جس میں بھنگ (Cannabis) کی ریگولیشن اور تحقیق، بیجوں کی ترقی، زرعی تحقیق، سیپاک کے منصوبوں اور سرکاری اداروں کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت سینیٹر رانا محمود الحسن نے کی، جبکہ سینیٹر دوست علی جیسر، سینیٹر وقار علی مہدی، سینیٹر محمد عبدالقادر، سینیٹر امیر ولی الدین چشتی، سینیٹر سلیم مانڈوی والا اور سینیٹر عطاالرحمٰن نے شرکت کی۔ اجلاس میں آٹھ زرعی جامعات کے وائس چانسلرز، جن میں سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی ٹنڈو جام، لسبیلہ ایگریکلچر

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

کراچی: شہری ایک پیٹرول پمپ سے پیٹرول ڈلوا رہا ہے

سرجانی ٹاؤن میں ماں اور 3 بچوں کا قاتل شوہر کا بہنوئی نکلا، آلہ قتل برآمد

زیادتی کی مبینہ کوشش میں مزاحمت پر خاتون کو قتل کیا، شیر خوار بچی اور مدرسے سے واپس آنے والے 2 بچوں کو بھی آہنی راڈ سے مار ڈالا

ملزم چار گھنٹے گھر میں موجود رہا اور چاروں افراد کو قتل کرنے کے بعد جائے وقوعہ کو صاف کرنے کی کوشش کی تاکہ واردات ڈکیتی معلوم ہو، پولیس

کراچی ویسٹ (ویب ڈیسک) سرجانی ٹاؤن میں خاتون اور اس کے تین بچوں کے لرزہ خیز قتل کا معمہ حل ہوگیا، پولیس نے واردات میں ملوث مقتولہ کے شوہر کے بہنوئی ہمایوں کو گرفتار کرکے اس کی نشاندہی پر آلہ قتل آہنی راڈ بھی برآمد کرلیا۔ ڈی آئی جی ویسٹ عرفان بلوچ نے ایس ایس پی ویسٹ طارق الہٰی مستوئی اور ایس پی انویسٹی گیشن ویسٹ مسرور کے ہمراہ پریس کانفرنس میں بتایا کہ گرفتار ملزم ہمایوں نے دوران تفتیش خاتون اور اس کے تینوں بچوں کے قتل کا اعتراف کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم نے واردات کو ڈکیتی کا رنگ دینے اور شواہد مٹانے کی بھی کوشش کی۔ پولیس کے مطابق ہمایوں مقتولہ کے شوہر دانش کا بہنوئی ہے اور تقریباً ڈیڑھ سال قبل اسی گھر کی بالائی منزل پر کرایہ دار کی حیثیت سے رہ چکا تھا، تاہم بعد ازاں دانش نے اسے گھر سے نکال دیا تھا۔ ملزم کو گھر اور اہل خانہ کے

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

کراچی انڈسٹریل پارک کیلئے لینڈ لیز اور مراعاتی پیکیج متعارف کرانے کا فیصلہ

برآمدی صنعتوں کو ترجیح، اراضی الاٹمنٹ اور مراعات کو برآمدی اہداف سے مشروط کیا جائے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد / کراچی (ویب ڈیسک) حکومت نے کراچی انڈسٹریل پارک کیلئے لینڈ لیز اور مراعاتی پیکج جلد متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ کی زیر صدارت کراچی انڈسٹریل پارک کی ترقی سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں صنعتی اراضی کی لیز اور صنعتکاروں کیلئے مراعاتی پیکج کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر نے کہا کہ مجوزہ لینڈ لیز پیکج میں برآمدی صنعتوں کو ترجیح دی جائے گی، جبکہ اراضی کی الاٹمنٹ اور مراعات کی فراہمی کو واضح برآمدی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

سندھ کابینہ کے اہم فیصلے، گندم کاشتکاروں کیلئے پیکیج، ایدھی میڈیکل ٹاور کی منظوری

25 ایکڑ تک کے کاشتکاروں کیلئے اضافی سبسڈی، گندم فراہم کرنے والوں کو 2 ہزار روپے فی من ترغیب؛ این آئی سی ایچ میں 445 بستروں کا 13 منزلہ ٹاور تعمیر ہوگا

وفاقی فنڈز سے چلنے والی وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے تحت اہل موٹر سائیکل اور تین پہیوں والی گاڑیوں کے صارفین کو فی لیٹر 100 روپے ریلیف دیا جائیگا، مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں گندم کے کاشتکاروں کی معاونت کیلئے جامع پیکیج، اراضی کی ملکیت کی الیکٹرانک منتقلی کیلئے ڈیجیٹل و بلاک چین نظام کے آزمائشی اجرا اور کراچی کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ (این آئی سی ایچ) میں 13 منزلہ بلقیس اینڈ عبدالستار ایدھی میڈیکل ٹاور کی تعمیر سمیت اہم فیصلوں کی منظوری دے دی گئی۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں صوبائی وزرا، مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں 23 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا، جس میں صحت، زراعت، اراضی انتظامیہ، فوجداری استغاثہ، کھیل، اعلیٰ تعلیم، ٹیکس، بلدیاتی حکومت، محنت اور نوجوانوں

....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

سندھ کے وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ ABC Certified
پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، پنڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

برآمدات میں اضافے کے لیے حکومتی اقدامات

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے برآمدی صنعتوں کے لیے جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کو فروغ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی مصنوعات کے معیار کو عالمی معیار کے مطابق بنانے، کوالٹی اشورنس کے نظام کو موثر بنانے اور بین الاقوامی معیار و ضوابط پر مکمل عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ برآمدات میں ویلیو ایڈیشن پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ عالمی منڈی میں پاکستانی مصنوعات کی قدر اور مسابقت میں اضافہ ہو۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت ملکی برآمدات بڑھانے اور معاشی ترقی کی رفتار تیز کرنے کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے کہا کہ برآمدات میں اضافے کو ملکی معاشی ترقی کی بنیاد بنایا جائے اور روایتی شعبوں کے ساتھ ساتھ مزید صنعتوں کو بھی عالمی منڈیوں میں برآمدات کے لیے تیار کیا جائے۔ تجارت کو متنوع بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ شعبوں اور صنعتوں کو برآمدی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے۔ انھوں نے برآمدی صنعتوں کے لیے جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کے فروغ کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹلائزیشن اور جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادے کی بھی ہدایت کی۔ برآمد کنندگان کو درپیش انتظامی اور کاروباری رکاوٹیں دور کرکے برآمدی عمل کو مزید آسان، تیز اور شفاف بنانے پر بھی زور دیا گیا۔ حکومت برآمدات بڑھانے اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے لیکن صرف ان اقدامات سے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ برآمدات میں اضافے اور معاشی استحکام کے لیے سازگار کاروباری ماحول بھی ضروری ہے جس میں امن و امان کی بہتر صورتحال، سرخ فیتے کی رکاوٹوں کا خاتمہ اور کاروباری معاملات میں آسانی شامل ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ صنعتوں کے لیے توانائی کی وافر فراہمی کے ساتھ ساتھ اس کی مناسب اور سستی قیمت بھی یقینی بنانا ضروری ہے۔ اگر ہم ایک عام شہری کی زندگی پر نظر ڈالیں تو اس کے لیے موجودہ حالات میں گھر کے اخراجات پورے کرنا، گاڑی یا موٹر سائیکل چلانا اور روزمرہ کی ضروریات پوری کرنا کس قدر مشکل ہے، اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔ پٹرول کی قیمتیں، بجلی کے بل، گھر کا راشن اور دیگر بنیادی ضروریات عام آدمی کی آمدنی پر مسلسل دباؤ ڈال رہی ہیں۔ ایک شخص جو 40 ہزار روپے ماہانہ کماتا ہے وہ اپنے گھر کا خرچ پورا کرے، بچوں کی ضروریات پوری کرے۔

دنیا ایک نئے خطرناک موڑ پر

اکرم چوہدری

دنیا اس وقت کسی ایک جنگ کا سامنا نہیں کر رہی۔ اصل خطرہ یہ ہے کہ مشرقِ وسطیٰ اور یورپ کے الگ الگ جنگی محاذ اب تیل، گیس، سمندری تجارت، دفاعی اخراجات اور مہنگائی کے ذریعے ایک دوسرے سے جڑ رہے ہیں۔ ایک طرف ایران اور امریکہ کی کشیدگی نے آبنائے ہرمز میں معمول کی جہاز رانی کو شدید متاثر کیا ہے، دوسری طرف یمن میں حوثیوں کی اچانک پیش قدمی نے باب المندب کے گرد خطرے کو بڑھا دیا ہے۔ اسی دوران روس اور یوکرین ایک دوسرے کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنا رہے ہیں اور یورپ کو دفاع، توانائی اور کمزور معاشی نمو کے تین دباؤ بیک وقت برداشت کرنا پڑ رہے ہیں۔

سعودی عرب: یمن کی جنگ دوبارہ دہلیز پر

گزشتہ چند برسوں میں سعودی عرب نے یمن کے محاذ کو ٹھنڈا رکھنے اور حوثیوں کے ساتھ براہِ راست بڑی جنگ سے بچنے کی کوشش کی تھی، لیکن حالیہ واقعات نے اس حکمتِ عملی کو سخت امتحان میں ڈال دیا ہے حوثی فورسز نے 2022 سے بڑی حد تک منجمد محاذوں سے نکل کر بحیرہ احمر کے ساحل پر تیزی سے پیش قدمی کی ہے۔ موخا اور حنیش جزائر سمیت باب المندب کے قریب اہم مقامات پر ان کا اثر بڑھا ہے۔ اس سے سعودی حمایت یافتہ یمنی قوتوں پر دباؤ بڑھا اور بحیرہ احمر میں طاقت کا توازن تبدیل ہونے کا خدشہ پیدا ہوا ہے۔

اس کے ساتھ سعودی عرب کے اندر میزائل اور ڈرون خطرات دوبارہ نمایاں ہوئے ہیں مکہ کے جنوب میں سعودی فضائی دفاع نے ایک حوثی ڈرون تباہ کرنے کی اطلاع دی۔ سعودی موقف ہے کہ ڈرون ممنوعہ فضائی حدود کی طرف بڑھ رہا تھا حوثیوں نے مکہ یا مقدس مقامات کو ہدف بنانے کی تردید کی ہے حوثیوں کا یہ بھی دعویٰ ہے کہ سعودی فضائیہ نے گزشتہ ایک ہفتے میں یمن کے اندر 450 سے زیادہ حملے کیے ہیں۔ انہوں نے ایک سعودی F-15 طیارہ مار گرانے کا دعویٰ بھی کیا، لیکن اس کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی اور سعودی حکام نے F-15 کے نقصان کی تصدیق نہیں کی اس لیے جنگی دعووں اور تصدیق شدہ واقعات کو الگ رکھنا ضروری ہے۔

امریکہ اور سعودی عرب، تعاون موجود، مگر حد بھی موجود

حالیہ کشیدگی کے بعد سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر کی ملاقات ہوئی امریکہ سعودی عرب کو intelligence اور targeting assistance فراہم کرنے کے لیے تیار ہے، لیکن دستیاب اطلاعات کے مطابق واشنگٹن نے فی الحال سعودی عرب کی جانب سے حوثیوں کے خلاف براہِ راست امریکی فوجی کارروائی کی خواہش قبول نہیں کی یہ ایک اہم اشارہ ہے امریکہ سعودی سلامتی سے مکمل طور پر الگ نہیں ہو رہا، مگر وہ خود کو یمن میں ایک نئی بڑی زمینی یا فضائی جنگ میں پھنسانے سے بھی بچانا چاہتا دکھائی دیتا ہے۔

مزید دلچسپ بات یہ ہے کہ امریکی حکام اور حوثی نمائندوں کے درمیان عمان میں رابطے ہوئے ہیں اطلاعات کے مطابق حوثیوں نے امریکی جہاز رانی پر حملہ نہ کرنے کے سابق انتظام کو برقرار رکھنے کا اشارہ دیا ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ سعودی، حوثی بحران ختم ہو رہا ہے بلکہ صورتِ حال کچھ یوں بنتی ہے کہ واشنگٹن ایک طرف سعودی عرب کو دفاعی مدد دے رہا ہے اور دوسری طرف حوثیوں سے رابطہ رکھ کر بحیرہ احمر میں وسیع جنگ روکنے کی کوشش بھی کر رہا ہے۔

باب المندب، اصل خطرہ یہاں سے شروع ہوتا ہے

یمن کی موجودہ جنگ کو صرف یمنی خانہ جنگی سمجھنا غلط ہوگا باب المندب دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں سے ہے جو بحیرہ احمر اور خلیجِ عدن کو ملاتی ہے اور یورپ، ایشیا تجارت کے لیے یورپ جانے والا ایک انتہائی اہم راستہ ہے۔ اگر باب المندب بھی غیر محفوظ ہو جاتا ہے اور ساتھ ہی آبنائے ہرمز بھی رکاوٹ کا شکار رہتی ہے، تو یورپ اور ایشیا کی توانائی اور تجارتی ترسیل دونوں بیک وقت دباؤ میں آ جائیں گی۔ اس صورت میں جہازوں کو افریقہ کے گرد Cape of Good Hope کا طویل راستہ اختیار کرنا پڑ سکتا ہے۔

طویل راستہ ... fuel consumption ... delivery times ... strategic waterway ... pipeline ... strategic warning ... East-West pipeline ... ship-to-ship transfers ... crude ... crude oil ... LNG ... commodity vessels ... single digits ...

گزشتہ ہفتوں میں متعدد بحری جہاز حملوں یا حادثوں سے متاثر ہوئے ہیں جن ... AIS ... confirmed maritime incidents ... shipping companies ... insurers ... calculate ...

لایعنی مطالبہ

عبداللہ طارق

جماعت اسلامی نے وہ ریلیف پیکج مسترد کر دیا ہے جو جماعت ہی کے مطالبے پر شہباز حکومت نے چھوٹی گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور رکشوں کو پٹرول کی مد میں دیا تھا۔

مسترد کرنے میں عجیب بات یہ ہے کہ جماعت نے پیکج کو سمجھے بغیر ہی مسترد کر دیا۔ ابھی تک ملک بھر میں کسی کو بھی یہ پیکج سمجھ میں نہیں آیا، پھر اسے کیوں مسترد کر دیا۔ ابھی تو بہت کچھ تفصیل باقی ہے۔ یعنی یہ کہ یہ ریلیف ملے گا کیسے۔ شناختی کارڈ تو چلئے سادہ بات ہے لیکن رجسٹریشن کے نام پر بہت سے جھنجھٹ ڈال دیئے گئے ہیں کہ لگتا ہے، ریلیف کسی کو ملے گا ہی نہیں، کاغذ کی بات کاغذ پر ہی رہے گی، ویسے ہی جیسے اکثر گھر کی بات گھر ہی میں رکھ لی جاتی ہے۔ اس پیکج کو فی الحال گھر کی بات ہی کہئے۔ یعنی یہاں ایک اور مقامِ خیرت بھی پیدا ہو گیا کہ جو ریلیف کسی کو ملتا ہی نہیں ہے، اسے جماعت نے کیونکر مسترد کر دیا۔ مسترد تو وہ شے کی جاتی ہے جو دی جا رہی ہو۔

ریلیف ...

بریت کے علاوہ کچھ برآمد نہیں ہوتا۔

تحقیقات کرنے والوں کی اس فراخدلی پر البتہ داد دینا بنتی ہے کہ انہوں نے جل مرنے والے بچوں اور ان کے والدین کو سانحے کا ذمہ دار قرار نہیں دیا۔

بالکل فطری امر ہے کہ اس طرح کے معاملات میں نتائج کا پہلے ہی سے علم ہو جاتا ہے۔ یہ سسٹم کا حسن نہیں ہے تو اور کیا ہے۔ ایک تازہ مثال اس کی اور بھی ہے۔ دو سال پہلے، اگست 2024 میں نتاشا نامی خاتون نے نشے میں دھت ہو کر اپنی لگژری گاڑی سے ایک نوعمر لڑکی اور اس کے والد کو قتل کر دیا تھا۔ میڈیا پر بہت شور اٹھا تو مجبوراً پولیس کو اسے گرفتار کرنا پڑا۔ قاتلہ نے گرفتاری کے دوران سب کو گالیاں دیں اور وکٹری کا نشان بنایا۔ اسے پتہ تھا حتمی نتیجہ کیا ہوگا۔ چنانچہ سسٹم نے گزشتہ ہفتہ اعلان کر دیا کہ موصوفہ نے نہ کسی کو مارا، نہ اس نے نشہ کیا۔ باعزت بری!

... افسروں کا ہو تو چاہے عدالت ہو یا تحقیقاتی کمشن، ... سسٹماتی مقتدرین میں سے کسی نے کسی بھی ...

مقتول کے لواحقین سے ہمدردی کے دو بول بھی نہ کہا۔

لاہور میں کچھ عرصہ قبل فوڈ سٹریٹ نے شہرت پائی تھی ...

ترقیاتی ترجیحات اور پاک برطانیہ تعاون کی نئی جہتیں

محمود خان

... منصوبوں کی ترجیحات مقامی ضروریات کے مطابق طے ... موسمیاتی لچک، قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری اور ... عام شہری کی زندگی تک پہنچیں۔

سندھ بھر سے

وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم، عوامی سہولت کے لیے 24 گھنٹے ہیلپ لائن قائم

ہیلپ لائن پاکستان بھر کے شہریوں بالخصوص سندھ کے عوام کے لیے 24 گھنٹے اور ہفتے کے ساتوں دن دستیاب ہوگی

میرپورخاص (رپورٹ: نادر خان) وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم، سندھ حکومت نے عوامی سہولت کے لیے 24 گھنٹے ہیلپ لائن قائم کر دی میرپورخاص وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم سے متعلق عوام کو سہولت اور رہنمائی فراہم کرنے کے لیے حکومتِ سندھ نے خصوصی ہیلپ لائن قائم کر دی ہے۔ محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول سندھ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق شہری 021-111-137-4634 پر رابطہ کر سکتے ہیں نوٹیفکیشن کے مطابق ہیلپ لائن موٹر رجسٹریشن ونگ، تیسری منزل، سوک سینٹر (KDA) کراچی میں قائم کی گئی ہے، جو پاکستان بھر کے شہریوں بالخصوص سندھ کے عوام کے لیے 24 گھنٹے اور ہفتے کے ساتوں دن دستیاب ہوگی ہیلپ لائن کے ذریعے شہری وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم میں رجسٹریشن کے طریقہ کار، اہلیت کے معیار، ضروری ضابطہ کار، اسکیم کے فوائد حاصل کرنے کے طریقے اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں معلومات اور رہنمائی حاصل کر سکیں گے حکومتِ سندھ کے مطابق ہیلپ لائن کا مقصد عوام کے سوالات کا جواب دینا اور فیول ریلیف اسکیم پر عملدرآمد کے حوالے سے شہریوں کو سہولت فراہم کرنا ہے۔ محکمہ اطلاعات سندھ کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ ہیلپ لائن کی تفصیلات کی وسیع پیمانے پر تشہیر کی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔

ڈویژنل کمشنر میرپورخاص شہ میر بھٹو کی صدارت میں اجلاس

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) چیئرمین بورڈ آف گورنرز و ڈویژنل کمشنر شہ میر بھٹو کی صدارت میں کمشنر کمیٹی ہال میں پبلک اسکول میرپورخاص کی بہتری اور درپیش مسائل کے حل کے متعلق اجلاس منعقد ہوا جس میں ممبر قومی اسمبلی میر منور تالپر، ضلع کونسل چیئرمین میر انور تالپر سمیت بورڈ آف گورنرز کے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک اسکول میرپورخاص کی بہتری، ترقیاتی منصوبوں اور درپیش مسائل کے حل کے متعلق تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں میر شیر محمد پبلک اسکول میرپورخاص کے فنڈز بڑھانے، پبلک اسکول میرپورخاص کی زمینیں خالی کروانے اور دیگر معاملات پر تفصیلی بحث کیا گیا۔

سانگھڑ: ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

سانگھڑ (نامہ نگار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سانگھڑ عبدالمجید زہرانی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے متعلقہ افسران سمیت خفیہ اداروں کے سربراہان ... کارکردگی ... ایس ... NPVE 2024 ... عملدرآمد ...

حیدرآباد کے ... علاقے میں مسافر ناقص سیوریج اور سڑکوں کی حالت زار سے دوچار ہیں جس کی وجہ حکام کی غفلت ہے

یوسی چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت کا مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) یوسی چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت کا مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ، نکاسی آب کا عملہ الرٹ، بارش کا جمع پانی بروقت نکال دیا گیا، شہریوں کو ریلیف تفصیلات کے مطابق برسات کے دوران یوسی چیئرمین حاجی محمد علی نے یونین کونسل 8 کے مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ ... کاموں میں کسی قسم کی غفلت نہ برتنے کی ہدایت کی۔ حاجی محمد علی کی ہدایات پر نکاسی آب کے عملے کی چھٹیاں منسوخ کر کے انہیں الرٹ رہنے کا حکم دیا گیا۔

سندھ محتسب کے علاقائی ڈائریکٹر زاہد حسین بوریرو نے سینٹرل جیل لاڑکانہ میں قیدیوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا

ستمبر کے ابتدائی 17 روز میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ

... ستمبر کے ابتدائی ... میں نمایاں ... پٹرول کی قیمت میں 47 روپے 35 پیسے فی لیٹر کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق یکم ستمبر کو پٹرول کی قیمت 343 روپے 87 پیسے فی لیٹر تھی، جو 17 ستمبر کے لیے 391 روپے 22 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی۔ یوں صرف 17 روز کے دوران پٹرول کی قیمت میں 47 روپے 35 پیسے فی لیٹر اضافہ ہوا اسی طرح ڈیزل کی قیمت میں بھی ستمبر کے ابتدائی 17 دنوں کے دوران 50 روپے 53 پیسے فی لیٹر اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ یکم ستمبر کو ڈیزل کی قیمت 370 روپے 92 پیسے فی لیٹر تھی، جو 50 روپے 53 پیسے اضافے کے بعد 17 ستمبر کے لیے 421 روپے 45 پیسے فی لیٹر بنتی ہے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جا رہی ہے، جبکہ مہنگے ایندھن کے اثرات ٹرانسپورٹ اور روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتوں پر بھی پڑنے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔

سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا؟ سابق کونسلر عاشق علی ٹیلگر راجپوت نے مبینہ غفلت اور کرپشن پر سنگین سوالات کھڑے کر دیئے۔ میرپورخاص جناح پارک (نظیر حسین پارک) جسے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب کرنے کے بعد جناح پارک کہا جاتا ہے، اس وقت انتہائی خستہ حالی کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ پارک کی موجودہ صورتحال پر سابق کونسلر عاشق علی ٹیلگر راجپوت نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ جو پارک کبھی سرسبز، شاداب اور شہریوں کی تفریح کا بہترین مرکز تھا، وہ آج مبینہ غفلت اور کرپشن کی نذر ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بروقت توجہ نہیں دی گئی تو یہ تاریخی عوامی مقام مکمل طور پر اپنی شناخت کھو بیٹھے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ جناح پارک کی فوری بحالی، صفائی، شجرکاری، روشنی کے انتظام اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ دوسری جانب شہریوں نے بھی مطالبہ کیا ہے کہ پارک کو دوبارہ اس کی سابقہ رونق لوٹائی جائے تاکہ عوام کو ایک محفوظ، صاف ستھرا اور خوبصورت تفریحی مقام میسر آ سکے۔

کاشف سعید شیخ کی اپیل پر احتجاجی مظاہرے کیے گئے

میرپورخاص (بیورو چیف) امیر جماعت اسلامی صوبہ سندھ کاشف سعید شیخ کی اپیل پر میرپورخاص میں ظالمانہ بجلی ٹیکسز، لوڈ شیڈنگ اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی رد و بدل کے مطابق قیمتیں کم نہ کرنے کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرے۔ احتجاجی مظاہروں سے جماعت اسلامی کے مقامی ذمہ داران اور یوسی عہدے دار کا خطاب۔ امیر جماعت اسلامی میرپورخاص شکیل احمد فہیم نے اہلیان میرپورخاص سے اپیل کی۔

انٹرنیشنل پیس کانفرنس: سندھ کی کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اجلاس طلب

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام سندھ کے ڈپٹی سیکریٹری جنرل مولانا محمد صالح انڈھڑ نے کہا ہے کہ انٹرنیشنل پیس کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے جے یو آئی سندھ کی تمام کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اہم اجلاس 13 ستمبر بروز اتوار، دوپہر 12 بجے، مرکز باب الاسلام، سکھر میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں انٹرنیشنل پیس کانفرنس کی تیاریوں، انتظامی امور، مختلف کمیٹیوں کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ امن عالم اجتماع ایک اہم عالمی پیغام کے طور پر منعقد کیا جا رہا ہے، جس کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں امن، بھائی چارے، انسانی اقدار اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے موثر آواز بلند کرنا ہے۔ جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری نے کہا کہ کانفرنس کو تاریخی اور کامیاب بنانے کے لیے تمام شعبوں کے درمیان مربوط رابطہ اور باہمی ہم آہنگی تعاون ضروری ہے۔

شہرِ قائد

سری لنکن ایئر لائنز کے کنٹری منیجر کے اعزاز میں الوداعی ظہرانہ

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تجارت اور کاروباری تعاون کے نئے مواقع پر تبادلہ خیال

کراچی (پ ر) میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے COO جناب خرم خلیل نینی تال والا نے سری لنکن ایئر لائنز پاکستان کے کنٹری منیجر جناب روان وجیکون کے اعزاز میں الوداعی ظہرانے کی میزبانی کی جس میں سفارتی، کاروباری، ہوابازی، پیشہ ورانہ اور عوامی شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ ظہرانے میں عزت مآب جناب سنجیوو پتھیرانا قونصل جنرل آف سری لنکا، کراچی؛ جناب مشکور خان، EVP اور ریجنل منیجر، میزان بینک لمیٹڈ؛ جناب عبدل واحد سیٹھی صدر و چیف ایگزیکٹو آفیسر (A)، نیشنل بینک آف پاکستان (NBP)؛ ڈاکٹر سید عمران علی شاہ، کنسلٹنٹ آرتھوپیڈک سرجن و ٹراما اسپیشلسٹ اور میڈیکل ڈائریکٹر، اے۔ او۔ کلینک؛ ڈی آئی جی ناصر خان؛ جناب طاہر خان، منیجر ایئرپورٹ آپریشنز پاکستان۔ سری لنکن ایئر لائنز؛ جناب واحد اللہ جان، منیجر کارگو آپریشنز پاکستان۔ اتحاد ایئرویز اور جناب حسن مختار نے شرکت کی۔ اس اجتماع نے جناب وجیکون کی پاکستان اور سری لنکا کے درمیان فضائی رابطوں اور عوامی روابط کو مضبوط بنانے میں خدمات کو سراہنے کا ... مواقع پر وسیع تر تبادلہ خیال کیلئے بھی ایک پلیٹ فارم فراہم کیا، جس میں خصوصی توجہ سری لنکا ایکسپو 2027 پر مرکوز رہی۔ بین الاقوامی تجارتی نمائش 14 سے 17 جنوری 2027 تک بندرانائیکے میموریل انٹرنیشنل کانفرنس ہال (BMICH)، کولمبو میں منعقد ہوگی۔

قائداعظم محمد علی جناح قوم کے محسن ہیں، صادق شیخ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ق) سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن و چوہدری شجاعت حسین لورز پاکستان کے بانی و مرکزی صدر محمد صادق شیخ نے کہا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح قوم کے محسن ہیں زندہ قومیں اپنے محسنوں پر ہمیشہ فخر کرتی ہیں۔ بانی پاکستان، بابائے قوم اور برصغیر کے عظیم رہنما قائداعظم محمد علی جناح کا 78 واں یوم وفات ملک بھر میں عقیدت و احترام اور قومی جذبے کے ساتھ منا کر یہ ثابت کر دیا ... برصغیر کے مسلمانوں نے ایک الگ وطن کے حصول کی جدوجہد کو منظم کیا، جس کے نتیجے میں 14 اگست 1947 کو پاکستان معرضِ وجود میں آیا۔ قیامِ پاکستان کے بعد قائداعظم نے نومولود مملکت کے پہلے گورنر جنرل کی حیثیت سے انتہائی مشکل حالات میں ریاستی امور کی بنیاد رکھنے کا فریضہ انجام دیا۔ انہوں نے 15 اگست 1947 کو پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کا منصب سنبھالا اور 11 ستمبر 1948 تک اس منصب پر فائز رہے۔ قیامِ پاکستان کے ابتدائی دنوں میں ملک کو بے شمار مشکلات کے باوجود۔ لاکھوں مہاجرین کی آبادکاری، انتظامی ڈھانچے کی تشکیل، معاشی مسائل اور ریاستی اداروں کے قیام جیسے بڑے چیلنجز درپیش تھے۔ قائداعظم نے اپنی علالت کے باوجود ان تمام معاملات پر بھرپور توجہ دی اور نئی ریاست کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے شب و روز کام کیا۔ محمد صادق شیخ نے کہا کہ قائداعظم کی سیاسی زندگی کا بنیادی وصف اصول پسندی، دیانت داری، نظم و ضبط، آئینی جدوجہد اور قومی یکجہتی تھا۔ ان کا تصور پاکستان ایسا معاشرہ تھا جہاں تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہوں اور اقلیتوں سمیت ہر شہری کو اپنے مذہب اور عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کا حق حاصل ہو۔

گلستانِ جوہر، کراچی میں تعمیراتی کام کے دوران مسافر گرد آلودگی اور خراب سڑکوں کی حالت سے پریشان ہیں

سائٹ میں ترقیاتی منصوبوں پر کام شروع کر دیا

سندھ حکومت نے صنعتی زونز کیلئے مجموعی طور پر 11 ارب 25 کروڑ کی خصوصی گرانٹ مختص کی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ترجمان میئر کراچی و کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا ہے کہ سندھ حکومت کی خصوصی مالی معاونت سے سائٹ سپر ہائی وے صنعتی علاقے میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے منصوبوں پر عملی کام شروع کر دیا گیا ہے جبکہ تمام ترقیاتی سرگرمیاں مقررہ رفتار کے ساتھ جاری رکھتے ہوئے 15 دسمبر سے قبل مکمل کر لی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی علاقوں میں انفراسٹرکچر کی بہتری براہ ... لیے 70 کروڑ روپے فراہم کیے گئے ہیں، جس سے وہاں بنیادی سہولتوں اور ضروری ترقیاتی کاموں کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے کہا کہ اس مالی معاونت کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ صنعتکاروں کو اپنے علاقوں کی ترقیاتی ترجیحات طے کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ ان کے مطابق صنعتکار برسوں سے اپنے علاقوں کی زمینی ضروریات سے واقف ہیں، اس لیے حکومت نے یہ مناسب سمجھا کہ ترقیاتی منصوبوں کے انتخاب میں انہیں ...

سندھ کے وزیر برائے بلدیات سعید غنی نے کراچی میں پریس کانفرنس کے دوران میڈیا سے خطاب کیا

بقیہ نمبر 1

کو بعض مشترکہ مسائل کا سامنا ہے، جن کے حل کیلئے لائحہ عمل مرتب کر کے فوری اقدامات کیے جائیں گے۔ حکومت کو بیشتر مسائل کا ادراک ہے اور ان کے حل کیلئے پہلے ہی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یلو لائن منصوبے سے متعلق کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے تمام تحفظات دور کیے جائیں گے۔ حکومت اس بات سے آگاہ ہے کہ ملکی معیشت صنعتی سرگرمیوں میں ایک دن کی بندش بھی برداشت نہیں کر سکتی، اس لیے یلو لائن سمیت تمام ترقیاتی منصوبے صنعتی سرگرمیوں میں تعطل پیدا کیے بغیر مکمل کیے جانے چاہئیں

بقیہ نمبر 2

ایک اسپورٹس کمپلیکس پر حملے بین الاقوامی قانون کے تحت جنگی جرائم کے زمرے میں آسکتے ہیں۔ مشن کی نئی رپورٹ کے مطابق یہ دونوں حملے 28 فروری کو ایران پر امریکا اور اسرائیل کی مسلط کی گئی جنگ کے پہلے روز کی گئی فوجی کارروائیوں کے دوران کیے گئے۔ تحقیقات میں خاص طور پر ایرانی شہر میناب میں شاجرہ طیبہ پرائمری اسکول اور فارس صوبے کے شہر لامرد میں ایک اسپورٹس کمپلیکس کو نشانہ بنانے والے حملوں کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ نمبر 3

کا ریکارڈ اسکور حاصل کرلیا، جو پورٹ کی تاریخ کی بلند ترین سطح قرار دی جارہی ہے، جبکہ پاکستان کی مجموعی لائنر شپنگ کنیکٹیویٹی انڈیکس درجہ بندی بھی ایک درجے بہتری کے بعد 34 ویں نمبر پر آگئی۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ترجمان کے مطابق عالمی لائنر شپنگ نیٹ ورک کے ساتھ کراچی پورٹ کی رابطہ کاری میں نمایاں بہتری آئی ہے، جس کے نتیجے میں پورٹ کا پی ایل ایس سی آئی اسکور ریکارڈ سطح پر پہنچا۔ یہ اعداد و شمار دنیا کی تقریباً 900 بندرگاہوں کی بحری رابطہ کاری سے متعلق معلومات کی بنیاد پر مرتب کیے گئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق پاکستان کی مجموعی ایل ایس سی آئی درجہ بندی بھی بہتر ہوئی ہے اور ملک 35 ویں پوزیشن سے ایک درجہ ترقی کر کے 34 ویں نمبر پر آگیا ہے۔ نئی درجہ بندی پاکستان کی بحری رابطہ کاری اور عالمی سمندری تجارت میں شمولیت میں ہونے والی بہتری کی عکاسی کرتی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ کراچی پورٹ کی عالمی بحری نیٹ ورک سے بہتر رابطہ کاری کے باعث پاکستان کی عالمی سپلائی چینز تک رسائی مزید مضبوط ہونے کی توقع ہے، جبکہ برآمد کنندگان اور درآمد کنندگان کے لیے بین الاقوامی منڈیوں سے روابط میں بھی سہولت پیدا ہوگی

بقیہ نمبر 4

ایسے بیانات نہیں دینے چاہئیں، کے پی کے کو اس وقت امن و یکجہتی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی اسٹریٹ موومنٹ میں خود ہی نظر آئے، سہیل آفریدی کارکنوں کے بجائے سیکیورٹی اسٹاف کے ساتھ گھوم کر پنجاب سے چلے گئے۔

بقیہ نمبر 5

نجکاری سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا، کمیٹی نے پوسٹل لائف انشورنس کے فنڈز فوری جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ فاروق ستار نے کہا کہ زرعی قرضوں کے حجم بڑھنے کے باوجود کسان خوشحال نہیں ہوا، جب بھی کسان ملک کے لیے بمپر فصل دیتا ہے، فصل کی صحیح قیمت سے محروم ہوجاتا ہے۔ سحر کامران نے کہا کہ بلوچستان میں ڈی اے پی کی بوری 20 ہزار روپے تک پہنچ چکی ہے، نجکاری میں مسلسل تاخیر سے معیشت کو نقصان پہنچا۔ فاروق ستار نے کہا کہ پی آئی اے کی اگر 2015 میں نجکاری ہوتی تو 900 ارب کا نقصان نہ ہوتا، قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے نجکاری وزارت خزانہ حکام پر برس پڑی۔ نجکاری کمیٹی نے کہا کہ پوسٹل لائف انشورنس کے واجبات کے لیے ایک سال سے کوششیں کر رہے ہیں۔ سحر کامران نے کہا کہ وزیراعظم نے اپنی لاڈلی بیوروکریسی کو فنڈز دینے ہوں تو فوری فنڈز ریلیز ہو جاتے ہیں، پوسٹل لائف انشورنس کے فنڈ دینے ہوں تو وزارت خزانہ کے پاس فنڈز نہیں ہوتے۔ فاروق ستار نے کہا کہ وزارت خزانہ کا پوسٹل لائف انشورنس کے فنڈز پر کوئی حق نہیں، لوگوں نے پوسٹل لائف انشورنس میں پیسے لگائے، انہیں وزارت خزانہ کو روکنے کا کوئی حق نہیں۔ نجکاری کمیٹی نے کہا کہ اگر وزارت خزانہ نے پوسٹل لائف انشورنس کے فنڈز فوری جاری نہیں کیے تو قائمہ کمیٹی استحقاق مجروح ہونے کی قرارداد پیش کرے گی۔ فاروق ستار نے کہا کہ قائمہ کمیٹی برائے نجکاری کے 17 ارکان استحقاق مجروح ہونے کی قرارداد پیش کریں تو وزارت خزانہ حکام سنبھالتے رہیں گے، پوسٹل لائف انشورنس کے واجبات کی عدم دستیابی ایک لمحے کے لیے بھی قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوسٹل لائف انشورنس لینے والے فنڈز کو ترس رہے ہیں، کسی نے بیٹی کی شادی کرنی تھی، پوسٹل لائف انشورنس رکھنے والوں نے بچوں کی فیس دینی ہے، فنڈز روکنا ناانصافی ہے۔

بقیہ نمبر 6

خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ تنقید مجھ پر نہیں پنجاب کی ترقی پر ہو رہی ہے، ان کو 9 ارب روپے کے جہاز سے تکلیف ہے، جہاز میرا نہیں وہ وزیراعلیٰ پنجاب کا ہے، میں گھر نہیں لے کر جاؤں گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ سیلاب کے دوران متاثرین کے پاس کشتیوں پر بھی گئی، ہر وزیراعلیٰ کے پاس سرکاری طیارہ ہے، تنقید صرف مجھ پر ہوتی ہے، تنقید کرنے والوں کو جہاز سے نہیں مریم نواز کے کاموں سے تکلیف ہے۔ مریم نواز نے بتایا کہ میری صاحبزادی کی گریجویشن تقریب تھی، جہاز کے استعمال پر پونے 3 کروڑ روپے اپنی جیب سے ادا کیے۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا سے چند افراد پنجاب پر حملہ کرنے آئے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا تماشا لگانے کیلئے زبردستی پولیس کی گاڑی میں بیٹھ گئے، خیبر پختونخوا سے آنے والوں کا لاہور کا دورہ ناکام رہا۔ انہوں نے الیکٹرک بس کے متعلق بتایا کہ اس سروس کا عام کرایہ صرف 20 روپے مقرر کیا گیا ہے، تاہم عوام کی سہولت کے پیش نظر خواتین، طلبا و طالبات، معذور افراد اور 60 سال سے زائد عمر کے بزرگ شہریوں کے لیے یہ سفر 100 فیصد مفت ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کی آخری حد تک گرین بس سروس کو پھیلایا جا رہا ہے تاکہ صوبے بھر کے عوام جدید اور سستے سفر کی سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ملتان کے تمام روٹس پر گرین الیکٹرو بسیں چلیں گی، خصوصی افراد کیلئے وہیل چیئر اور ریمپ کی سہولت دی گئی ہے، گرین بسوں میں خواتین کے تحفظ کیلئے سی سی ٹی وی کیمرے نصب ہیں، پنجاب میں رہنے والا ہر شخص میری ذمہ داری ہے، میری حکومت میں کوئی شخص بس کی چھت پر سفر نہیں کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ لاہور میو اسپتال میں جدید کینسر کی مشین چین سے لے کر آئی تھی، پنجاب میں دوسری مشین کا ملتان میں افتتاح کر کے آئی ہوں، اس مشین کے ذریعے 2 خواتین کا علاج ہوا، ان کا انٹرویو کر کے آئی ہوں، 45 منٹ میں ان کا علاج ہوا۔

بقیہ نمبر 7

کہ مصنوعی ذہانت، ڈیٹا اینالیٹکس اور روبوٹکس جدید سندھ کی تعلیمی ترجیحات ہیں، دنیا تبدیل ہو رہی ہے، سندھ اپنی تعلیمی ترجیحات بھی تبدیل کر رہا ہے۔ سندھ کے سینئر وزیر نے مزید کہا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا مقصد عوامی مفاد میں وسائل اور مہارت کو یکجا کرنا ہے، سندھ حکومت ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے نظام کو مزید مؤثر بنا رہی ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ پیچھے نہیں جائے گا، جدید ٹیکنالوجی اور اصلاحات کے سفر کو آگے بڑھائے گا، سندھ حکومت کا واضح پیغام ہے کہ عوامی خدمت کا سفر مزید تیز کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 8

یہ انصاف مارچ ہے۔ پنجاب، سندھ اور بلوچستان کے لوگوں کو لانگ مارچ سے متعلق ہدایات مل چکی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پنجاب میں اسٹریٹ موومنٹ پر پابندی کے باوجود لوگ باہر نکلے تھے۔ پنجاب میں وزیراعلیٰ اور اراکین اسمبلی کے ساتھ اختیار کیے گئے رویے کی مذمت کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ کو گاڑی میں بٹھا کر کسی چوک پر چھوڑنا انتہائی نامناسب ہے، دوسرے صوبے میں آنے والے وزیراعلیٰ کی مہمان نوازی کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پرامن احتجاج کریں گے، راستے بند نہیں کریں گے اور اشتعال نہیں پھیلائیں گے۔ ہمارے لوگ نہتے ہوں گے اور اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھائیں گے۔ پنجاب کے اراکین اسمبلی سخت حالات میں وزیراعلیٰ کے ساتھ موجود رہے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ اور آئینی عدالت میں گزشتہ روز ہونے والی سماعت پر افسوس ہوا، عدالتیں ایک دوسرے کو کیسز بھیج رہی ہیں، ایسا فیصلہ تو پنچایت بھی کر سکتی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر ایک قوت بن کر ابھرا ہے، اب معاشی استحکام بھی ہونا چاہیے، جو سب کو یکساں مواقع فراہم کرنے سے ممکن ہوگا

بقیہ نمبر 9

ترقی کے ماڈل کی جانب بڑھ رہا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان امداد پر مبنی تعلقات سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب بڑھ رہا ہے۔ دوطرفہ شراکت داروں کے ساتھ تجارتی و سرمایہ کاری روابط بڑھانا، سرمایہ کاروں کو متحرک کرنا اور تجارتی تعلقات میں توسیع حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کی واضح سمت متعین کردی ہے۔ برآمد کنندگان کو 4.5 فیصد کی شرح پر ری فنانس فراہم کیا جارہا ہے، حالانکہ پالیسی ریٹ 11.5 فیصد ہے۔ روایتی برآمدی شعبوں کو مزید مسابقتی بنانے کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔ گزشتہ مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی نمو تقریباً 3.7 فیصد رہی اور رواں مالی سال بھی معاشی ترقی کی رفتار برقرار ہے۔ تاشقند میں دریافت کریں انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک نے رواں مالی سال کے دوران جی ڈی پی نمو 3.5 سے 4.5 فیصد رہنے کا تخمینہ دیا ہے اور پاکستان پائیدار معاشی ترقی کے ماڈل کی جانب پیش قدمی کر رہا ہے۔ دوسری جانب وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان ہائی کمیشن لندن کے زیراہتمام پاکستان انویسٹمنٹ راؤنڈ ٹیبل کا انعقاد کیا گیا، جس میں لندن کے معروف سرمایہ کاروں اور عالمی مالیاتی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 10

تک منتقل کرنا ناگزیر ہے، حکومت نے مشکل عالمی حالات اور بڑے معاشی جھٹکوں کے باوجود معاشی استحکام حاصل کیا ہے، معیشت کے آگے بڑھانے میں نجی شعبہ کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے، نظام کو عوام کو بہتر معیار کی خدمات فراہم کرنی چاہئیں۔ ڈھانچہ جاتی مسائل کے حل کیلئے ملک کے مجموعی طرز حکمرانی کے نظام کا از سر نو جائزہ لینا اور اسے مؤثر بنانا ضروری ہے۔ جمعرات کو یہاں لیڈرز ان اسلام آباد بزنس سمٹ خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش مسائل صرف معیشت یا وزارت خزانہ تک محدود نہیں بلکہ تعلیم، صحت، سکول سے باہر بچوں اور مجموعی طرز حکمرانی سمیت متعدد شعبوں سے جڑے ہوئے ہیں اور یہ تمام معاملات ایک دوسرے سے باہم منسلک ہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ نظام کو عوام کو بہتر معیار کی خدمات فراہم کرنی چاہئیں، ڈھانچہ جاتی مسائل کے حل کیلئے ملک کے مجموعی طرز حکمرانی کے نظام کا از سر نو جائزہ لینا اور اسے مؤثر بنانا ضروری ہے، حکومت کے اصلاحات کے پروگرام کا مقصد گورننس اور خدمات کی فراہمی میں بہتری لانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت نے بعض شعبوں میں نمایاں کام کیا ہے تاہم انہوں نے کہا کہ بنیادی سہولیات کے حوالے سے اب بھی متعدد مسائل موجود ہیں اور ایسے مسائل کو مقامی سطح پر مؤثر انداز میں حل کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ ملک کے مسائل سے مؤثر طور پر نمٹنے کے لیے دو امور بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، جن میں وفاق اور صوبوں کے درمیان ترجیحات میں ہم آہنگی اور وسائل و اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی شامل ہے، اگر وفاق اور صوبے اپنی ترجیحات کو یکجا نہیں کریں گے تو محدود وسائل کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانا مشکل ہوگا، گزشتہ سال وفاق کا ترقیاتی بجٹ تقریباً ایک ہزار ارب روپے جبکہ صوبوں کے ترقیاتی وسائل تقریباً 3.2 کھرب روپے تھے، یوں مجموعی طور پر تقریباً چار کھرب روپے ترقیاتی سرگرمیوں کے لیے دستیاب تھے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان وسائل کو باہمی طور پر ہم آہنگ ترجیحات کے مطابق استعمال کیا جائے تو ان سے کہیں بہتر نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ وسائل کی تقسیم کے حوالے سے قومی مالیاتی کمیشن اور صوبوں سے نچلی سطح تک وسائل کی منتقلی بھی اہم معاملات ہیں۔ صوبائی مالیاتی کمیشن ایوارڈز کا مؤثر نظام نہ ہونے کے باعث مقامی حکومتوں تک وسائل کی منتقلی کا مسئلہ موجود ہے، وسائل اور اختیارات کو مقامی سطح پر منتقل کرنے سے اس مسئلے کے حل میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ ملک کی معاشی صورتحال کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سے ڈھائی سال کے دوران حکومت نے مشکل عالمی حالات اور بڑے معاشی جھٹکوں کے باوجود معاشی استحکام حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے مشکل عالمی ماحول میں اپنی معیشت کو ان جھٹکوں سے بڑی حد تک محفوظ رکھا اور تاریخ کی بلند ترین سطح کے زرمبادلہ ذخائر حاصل کیے، عالمی بانڈ مارکیٹ میں کامیاب واپسی ہوئی ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری بھی آئی، ماضی کے معاشی عروج و زوال کے چکر سے نکلنا ہوگا اور ایسی پائیدار معاشی نمو کی بنیاد رکھنا ہوگی جس سے روزگار کے مواقع پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ ملک کے زرمبادلہ ذخائر میں بھی مستقل اضافہ ہو۔ وزیر مملکت نے کہا کہ پائیدار معاشی نمو کیلئے برآمدات میں اضافہ ناگزیر ہے، حکومت نجی شعبے کی مشاورت سے معیشت کے مختلف شعبوں میں عملی اصلاحات اور کاروباری لاگت کم کرنے کے اقدامات کر رہی ہے، وزیراعظم کا پختہ یقین ہے کہ اقتصادی ترقی، روزگار کے مواقع، برآمدات اور ٹیکس محصولات کا بنیادی ذریعہ نجی شعبہ ہے، اس لیے حکومت کی ذمہ داری نجی شعبے کو سہولت فراہم کرنا ہے، اسی مقصد کے تحت وزیراعظم سمیت حکومتی سطح پر مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے کاروباری افراد سے مسلسل ملاقاتیں کی جا رہی ہیں تاکہ ان کے مسائل اور ضروریات کو سمجھ کر قابل عمل پالیسیاں تشکیل دی جاسکیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ تاجر اور کاروباری برادری کی مشاورت سے اقدامات کئے جا رہے ہیں، 15 کروڑ سے 50 کروڑ روپے سالانہ آمدن رکھنے والے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کیلئے سپر ٹیکس ختم کر دیا گیا ہے، سب سے بڑے کاروباروں کے لیے سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد سے کم کر کے 8 فیصد کر دی گئی ہے، برآمد کنندگان کی برآمدی آمدن پر ٹیکس کی شرح کو کم کر کے 1.5 فیصد کر دیا گیا، آئی ٹی برآمدات کے حوالے سے 0.25 فیصد فائنل ٹیکس کی شرح بھی برقرار رکھی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ درآمدات کے حوالہ سے جامع اور بڑے پیمانے پر ٹیرف میں کمی کا پروگرام شروع کیا گیا ہے اس اقدام سے مقامی صنعت اور برآمد کنندگان کے لیے خام مال اور دیگر پیداواری مداخل کی لاگت کم ہونے کے ساتھ معیشت میں مسابقت بڑھے گی جس سے جدت، ٹیکنالوجی کے فروغ اور پیداواری صلاحیت میں بہتری کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری شعبے اور عوام دونوں کے لیے قابل اعتماد اور سستی توانائی بنیادی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے برآمدات کے فروغ کے لیے صنعتی شعبے پر عائد بعض کراس سبسڈی میں بھی کمی کی ہے تاکہ توانائی کی لاگت کم ہو سکے۔ اسی طرح شمسی توانائی کے استعمال کو فروغ دینے اور کاروباری اداروں کو سولر نظام اپنانے میں سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ گرڈ سے متعلق مسائل کے حل پر بھی کام کیا جا رہا ہے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ حکومت زرعی شعبے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں کو مالی وسائل تک رسائی فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے کیونکہ ان شعبوں میں ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں وزیراعظم خود بھی باقاعدگی سے ایس ایم ایز کو مالی وسائل تک رسائی کے معاملے پر اجلاس کی نگرانی کر رہے ہیں جبکہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کے لیے کام کرنے والے ادارے سمیڈا میں اصلاحات پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے تاجروں کی نمائندہ تنظیموں کو اعتماد میں لے کر نئی ٹیکس سکیم تیار کی ہے، وزیراعظم کی ہدایت پر تاجروں کی دو بڑی تنظیموں کے نمائندوں کے ساتھ متعدد اجلاس اور مشاورتی نشستیں منعقد کی گئیں اور سکیم کے ہر پہلو حتیٰ کہ سادہ اردو میں تیار کیے گئے فارم کو بھی ایک ایک خانے کو بھی تاجروں کے ساتھ بیٹھ کر حتمی شکل دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے تاجروں کو اعتماد میں لینے کے بعد ہی یہ سکیم متعارف کرائی ہے کیونکہ ماضی کے تجربے سے ثابت ہوا ہے کہ کسی بھی پالیسی یا سکیم کی کامیابی کے لیے متعلقہ سٹیک ہولڈرز کی شمولیت اور اس کی ملکیت کا احساس ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی سکیم کے تحت دکاندار سادہ اردو فارم کے ذریعے اپنی بنیادی معلومات، آمدن کا گوشوارہ اور بیلنس سٹیٹمنٹ جمع کرا سکتے ہیں، یہ فارم ویب پورٹل کے علاوہ آسان ٹیکس ایپ کے ذریعے بھی دستیاب ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکیم کے تحت ایسے دکاندار جن کا سالانہ کاروباری حجم 30 کروڑ روپے یا اس سے کم ہے، اپنی ظاہر کردہ سالانہ ٹرن اوور پر ایک فیصد فائنل ٹیکس ادا کریں گے جبکہ پہلے سے ادا کردہ ودہولڈنگ ٹیکس کو ایڈجسٹ کرنے کی اجازت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس ادا کرنے کے بعد دکاندار کو ایک مخصوص پلیٹ فراہم کی جائے گی جسے وہ اپنی دکان کے باہر آویزاں کر سکے گا، یہ محض شناختی علامت نہیں بلکہ قانونی حیثیت رکھنے والی پلیٹ ہوگی اور پلیٹ آویزاں ہونے کے بعد ایف بی آر کا کوئی افسر معمول کی ٹیکس پوچھ گچھ کے لیے دکان میں داخل نہیں ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ سکیم کے تحت ہر دکاندار کے لیے کم از کم 25 ہزار روپے ٹیکس کی ادائیگی لازمی ہوگی، سکیم میں شامل ہونے والے دکانداروں کو عام طور پر آڈٹ کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا، ایف بی آر کے اہلکار کو دکان میں داخل ہونے کا اختیار نہیں ہوگا، ودہولڈنگ ایجنٹ کی ذمہ داری بھی عائد نہیں ہوگی جبکہ پوائنٹ آف سیل مشین نصب کرنے کی تعلیمی شرط سے بھی انہیں استثنیٰ حاصل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد محض انتظامی دباؤ کے ذریعے دکانداروں کو ٹیکس نیٹ میں لانا نہیں بلکہ انہیں ایسی سہولیات اور مراعات فراہم کرنا ہے جن کے نتیجے میں وہ رضاکارانہ طور پر ٹیکس نظام کا حصہ بنیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے میٹروں کے اعداد و شمار کے مطابق ملک میں تقریباً 45 لاکھ ریٹیلرز موجود ہیں جو اس وقت ٹیکس نیٹ سے باہر ہیں۔ اتنی بڑی تعداد کو صرف طاقت یا انتظامی اقدامات کے ذریعے ٹیکس نیٹ میں شامل کرنا ممکن نہیں، اس لیے حکومت نے سہولت، سادہ طریقہ کار اور مراعات پر مبنی نظام متعارف کرایا ہے۔

بقیہ نمبر 11

گیا۔ واٹر کارپوریشن کے ترجمان کے مطابق سیکیورٹی ٹیم نے رند گوٹھ میں عمران میمن کے زیر استعمال مقام پر کارروائی کرتے ہوئے 84 انچ قطر کی پانی کی لائن کو پنکچر کر کے قائم کیے گئے 3 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے، جن میں ایک 3 انچ اور 2 چار انچ کے کنکشن شامل تھے۔ کارروائی کے دوران 2 بائنی پمپس، 150 فٹ 4 انچ پلاسٹک پائپ، 15 فٹ 6 انچ لوہے کا پائپ اور ایک لوہے کا گیٹ تحویل میں لے لیا گیا۔ اسی علاقے میں الحاق ولد جمعہ خان کے مقام پر 84 انچ پانی کی لائن سے قائم غیر قانونی کنکشن منقطع کر کے 20 فٹ 3 انچ پلاسٹک پائپ بھی تحویل میں لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق مدینہ کالونی میں عبدالرحمن ولد سلطان کے مقام پر 6 انچ ڈسٹری بیوشن لائن کو پنکچر کر کے قائم کیا گیا 2 انچ کا غیر قانونی کنکشن منقطع کیا گیا، جبکہ 4 جنریٹر پمپس، ایک ڈونگی پمپ اور 2 فٹ 2 انچ پائپ قبضے میں لیے گئے۔ کارروائی کے دوران پانی کی غیر قانونی بھرائی کے لیے استعمال ہونے والا واٹر ٹینکر نمبر JY-6383 بھی تحویل میں لے لیا گیا اور اس کے ڈرائیور فراز ولد رحمان کو حراست میں لے کر پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ واٹر کارپوریشن حکام کے مطابق پانی کی لائنوں کو غیر قانونی طور پر پنکچر کر کے پانی حاصل کرنا پانی چوری کے زمرے میں آتا ہے۔ نئے احکامات کے تحت کارروائی میں ملوث افراد کے خلاف 8 گھنٹوں کے اندر ایف آئی آر درج کرائی گئی ہے۔ حکام نے کہا کہ غیر قانونی ہائیڈرنٹس، کنکشنز اور ٹینکر فلنگ پوائنٹس کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 12

جانب سے غیر تسلی بخش قرار دی گئی اسکیموں اور زیر نظر ثانی منصوبوں کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ندیم الرحمن میمن نے صوبے بھر میں کی گئی ایڈوانس ادائیگیوں سے متعلق اسکول سائٹ کمیٹی کی جامع رپورٹ 30 ستمبر تک طلب کر لی۔ انہوں نے ہدایت دی کہ کسی بھی بے ضابطگی کے ثابت ہونے پر ذمہ دار افسران و اہلکاروں کو شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں۔ سیکریٹری کالج ایجوکیشن نے سست رفتار ترقیاتی اسکیموں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے چیف انجینئر کو مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن کمیٹی کی جانب سے غیر تسلی بخش قرار دی گئی اسکیموں کے فوری فیلڈ وزٹس کرنے کا حکم دیا۔ اجلاس میں غیر تسلی بخش قرار دی گئی اسکیموں کا دوبارہ معائنہ کرنے، مسائل کی نشاندہی اور فوری حل کے لیے متعلقہ حکام کو آن لائن خطوط جاری کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ ندیم میمن نے تمام تکمیل کے قریب ترقیاتی اسکیموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے پی سی فور کی موجودہ صورتحال اور مرمت و بحالی کے آئندہ کے منصوبے پر مشتمل رپورٹ ایک ہفتے میں پیش کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے زیر نظر ثانی اسکیموں کی موجودہ صورتحال سے متعلق محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات سے فوری تازہ معلومات حاصل کرنے کی بھی ہدایت کی۔ سیکریٹری کالج ایجوکیشن نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، سرکاری وسائل کے استعمال میں شفافیت یقینی بنائی جائے اور قومی خزانے کے مفاد کو ہر صورت مقدم رکھا جائے۔

بقیہ نمبر 13

کی قیمتوں میں اضافے سے روزمرہ زندگی مزید مشکل ہونے کا خدشہ ہے، جبکہ ٹرانسپورٹ اور اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بھی متاثر ہوسکتی ہیں۔ شازیہ مری نے سوال کیا کہ مہنگائی کے اس بوجھ سے عوام کو کب نجات ملے گی اور عوام کو ریلیف دینے کے دعوے کہاں گئے؟ پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے سے پیدا ہونے والی مزید مہنگائی غریب اور مستحق طبقہ کیسے برداشت کرے گا؟ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کمزور اور مستحق طبقات کو فوری اور مؤثر ریلیف فراہم کیا جائے، عوام کو مزید مہنگائی کے بوجھ تلے نہیں دبایا جاسکتا۔

بقیہ نمبر 14

جبکہ پیٹرول کی قیمت 430 روپے فی لیٹر تک پہنچ سکتی ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے حفیظ پاشا نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث حالات انتہائی خراب ہیں اور برینٹ خام تیل کی قیمت میں روزانہ اضافہ ہو رہا ہے۔ اگر یہ صورتحال برقرار رہی تو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید نمایاں اضافہ ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں 11 کروڑ افراد غربت کی لکیر سے نیچے جا چکے ہیں، ایسا وقت بھی آسکتا ہے کہ ملک کی نصف سے زائد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے چلی جائے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی مزید بڑھے گی۔ سابق وزیر خزانہ کے مطابق پیٹرول پر 85 روپے فی لیٹر پیٹرولیم لیوی جبکہ 15 سے 20 روپے کسٹم ڈیوٹی وصول کی جارہی ہے، بھارت اور بنگلادیش میں پیٹرول کی قیمت پاکستان کے مقابلے میں تقریباً 30 فیصد کم ہے۔ حفیظ پاشا نے کہا کہ حکومت کو کسٹم ڈیوٹی کم کرنے کی ضرورت ہے جبکہ پیٹرولیم مصنوعات کے ڈیلرز کے مارجن میں بھی 2 سے 3 روپے کی کمی کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں پیٹرول کی قیمتوں کے حوالے سے ہنگامی صورتحال ہے اور پیٹرولیم لیوی کو فوری طور پر 18 فیصد تک لانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ترسیلات زر میں اضافے کے باعث کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کی صورتحال بہتر رہی، تاہم رواں سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ ڈیڑھ سے 3 ارب ڈالر تک ہوسکتا ہے اور آنے والے مہینوں میں ملکی زرمبادلہ کے ذخائر کو مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔ حفیظ پاشا نے تجویز دی کہ چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والے افراد کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ عالمی منڈی میں پیٹرول کی قیمت 125 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی تو پاکستان کے معاشی حالات بہت خراب ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں کبھی کسی اور حکومت کو اتنا بڑا ایوارڈ نہیں ملا جو مریم نواز کو مل رہا ہے۔ اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کے تحت 2 لاکھ 2 ہزار 913 گھر بنے ہیں، جبکہ 1 لاکھ 18 ہزار 88 گھر مکمل ہو چکے ہیں۔ 53 ہزار 233 گھر زیر تعمیر ہیں۔ مستحق اور بے گھر افراد کو اپنی چھت فراہم کرنا مریم نواز کا خواب تھا۔ الحمدللہ صرف 2 سال میں مریم نواز 2 لاکھ سے زائد افراد کو اپنی چھت فراہم کرنے میں کامیاب ہوئی ہیں۔ 5 سال تک 5 لاکھ افراد کو اپنی چھت فراہم کرنا مریم نواز کا ٹارگٹ ہے۔

بقیہ نمبر 16

خلاف یوم احتجاج کے طور پر منائے گی۔ مساجد میں خطبات جمعۃ المبارک میں حرمین شریفین کی عظمت و حرمت پر قرآن و حدیث کی روشنی میں بیانات ہوں گے۔ خالد محمود اعظم آبادی کی پریس ریلیز کے مطابق ملک بھر میں مرکزی جمعیت اہلحدیث و اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان سے وابستہ علما کرام جمعۃ المبارک کے اجتماعات میں حرمین شریفین کی حرمت اور امت مسلمہ کی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کرنے کے ساتھ ساتھ نماز جمعہ کے بعد احتجاجی ریلیوں اور مظاہروں کا اہتمام کریں گے۔ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان بلاد حرمین شریفین کو نشانہ بنانے والوں پر یہ باور کراتی ہے کہ حرمین شریفین کی حرمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں۔ ہر غیرت مند مسلمان سعودی عرب کے دفاع کے لیے ان کے ساتھ کھڑا ہے اور زندگی کے آخری سانس تک کھڑا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کا تحفظ ہمارے نزدیک ایمان و عقیدے اور جذبات سے وابستہ معاملہ ہے۔ اس لیے مملکت سعودی عرب اور حرمین شریفین کی سلامتی و تقدس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ پاکستان کو چاہیے کہ معاہدہ کے تحت حوثی باغیوں کے خلاف مؤثر کارروائی کرے اور مزید فوجیوں کو بلاد حرمین شریفین کی حفاظت کے لیے فی الفور سعودی عرب روانہ کرے۔ علامہ عبدالرشید حجازی کا مزید کہنا تھا کہ قائد ملت سلفیہ سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کی ایک کال پر لاکھوں نوجوان حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے سعودی عرب جانے کو تیار ہیں۔ حکومت اگر فوج نہیں بھیج سکتی تو ہمیں اجازت دے لاکھوں اہلحدیث یوتھ فورس کے شاہین ہمہ وقت جانے کو تیار ہیں۔

بقیہ نمبر 17

مقرر کرنے کی شق معطل کرنے اور مقررہ مدت کے اندر بلدیاتی انتخابات کرانے کی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں سندھ حکومت، میئر کراچی اور دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ سندھ اسمبلی نے موجودہ بلدیاتی نمائندوں کو نئے انتخابات ہونے تک کام جاری رکھنے کی اجازت دی ہے، تاہم مدت مکمل ہونے کے بعد بروقت انتخابات کرائے جانے چاہئیں۔ سندھ حکومت کو پابند کیا جائے کہ بلدیاتی عہدوں کی مدت ختم ہونے پر الیکشن کمیشن کے ساتھ مل کر انتخابات کی تیاری کرے اور انتخابی عمل شفاف بنایا جائے۔ درخواست دائر کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے منعم ظفر خان نے کہا کہ سندھ لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ترمیم اور سندھ لوکل گورنمنٹ بل 2026 کے خلاف ہائیکورٹ میں پٹیشن دائر کی ہے، پیپلز پارٹی نے ایک مرتبہ پھر قبل از انتخابات دھاندلی اور پری پول رگنگ کا آغاز کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ لوکل گورنمنٹ بل 2026 کے ذریعے اختیارات دینے کا تاثر دیا جا رہا ہے، تاہم عملی طور پر اختیارات صوبائی حکومت کے پاس ہی رہیں گے۔ پیپلز پارٹی اختیارات اور وسائل پر قابض ہے اور بلدیاتی اداروں کو اختیارات دینے کے لیے تیار نہیں۔ منعم ظفر نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 140 اے کے تحت بلدیاتی اداروں کو انتظامی، سیاسی اور مالی اختیارات ملنے چاہئیں۔ سندھ حکومت اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنے کو تیار نہیں، پیپلز پارٹی کی جمہوریت صرف جمہوریت کا نعرہ لگانے تک محدود ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ لوکل گورنمنٹ بل 2026 کو مسترد کرتے ہیں، کراچی کے وہ ادارے جو کے ایم سی کے ماتحت تھے، صوبائی حکومت نے ایک ایک کر کے اپنے قبضے میں لے لیے

بقیہ نمبر 18

کوششیں کیں، تاہم صرف ایک شاٹ نشانے پر لگا جسے العین کے گول کیپر خالد عیسیٰ نے روک لیا۔ العین کی جانب سے حسین رحیمی نے دو گول کیے جبکہ سوفیانے رحیمی اور جارجیوس گیکوماکیس نے ایک ایک گول کر کے ٹیم کو 0-4 سے کامیابی دلائی۔ اس شکست کو رونالڈو کے کیریئر کی سب سے بھاری شکست قرار دیا جارہا ہے۔ النصر گزشتہ چار میچوں میں صرف ایک کامیابی حاصل کر سکا ہے، جس کے باعث ٹیم کی موجودہ فارم پر بھی سوالات اٹھ رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 19

سب کے سامنے کوئی مشورہ دیا تو اسی وقت اسے کہیں گے کہ ارے تم اپنے مشورے اپنے پاس رکھو بیوقوفوں والے، آپ یہ بات بعد میں بھی اس کو سمجھا سکتے تھے کہ طریقے سے کہ تم یہ مشورہ غلط دے رہی تھیں۔ سینا مارشل نے مزید کہا کہ ہمارے یہاں مردوں کی ذہنیت ایسی بنائی جاتی ہے کہ بیویاں تم سے کم تر ہیں، بیویاں ہمیشہ شوہروں کو آپ کہہ کر بات کرتی ہیں لیکن میاں آپ نہیں بولتا، وہ تم بولتا ہے کیونکہ اس کو لگتا ہے کہ یہ میرے سے چھوٹی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شوہروں کی یہ ذہنیت ہوتی ہے کہ وہ مجھ سے چھوٹی ہے تو میں اس کا مذاق اڑا سکتا ہوں۔ اداکارہ کا مذکورہ بیان سوشل میڈیا پر خاصہ وائرل ہے اور صارفین سینا کے بیان سے متفق ہو کر اپنی رائے کا اظہار کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 20

شنل کراچی ڈویژن کے رہنماں نے شرکت کی اور واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قاتلوں کی فوری گرفتاری اور لواحقین کو انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر فنکشنل لیگ ڈسٹرکٹ ویسٹ کے صدر رضا خان اور دیگر کارکنان بھی بڑی تعداد میں موجود تھے۔ پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کراچی ڈویژن کے صدر انور عظیم خان ایڈووکیٹ نے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 16 سالہ حافظ قرآن روشن خان کا گھر میں ڈکیتی کے دوران قتل انتہائی افسوسناک اور تشویشناک واقعہ ہے۔

بقیہ نمبر 21

کا مسئلہ ہیں، جس کے حل کیلئے تمام متعلقہ اداروں اور فریقین کو باہمی تعاون سے مشترکہ اور مربوط اقدامات کرنا ہوں گے۔ وہ نیشنل کمیشن آن دی رائٹس آف چائلڈ کے زیراہتمام کیونٹی ورلڈ سروس ایشیا کے تعاون سے منعقدہ تقریب میں "سندھ و پنجاب کے بھٹہ مزدوروں کی صورتحال کا تجزیہ: بچوں پر مرکوز، صنفی حساس اور اقلیتی نقطہ نظر" کے عنوان سے تحقیقی رپورٹ کے اجرا کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔ تقریب کی میزبانی اور نظامت نیشنل لائبنگ ڈیلیگیشن نے کی۔ ڈاکٹر شام سندر ایڈوانی نے کہا کہ بھٹہ مزدوروں اور ان کے خاندانوں کو درپیش مشکلات کسی ایک صوبے تک محدود نہیں، اس لیے ان کے حل کیلئے اجتماعی اور مربوط کوششوں کی ضرورت ہے۔ بچوں، خواتین اور اقلیتی خاندانوں کو درپیش مسائل پر خصوصی توجہ دی جانی چاہیے۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اور حکومت سندھ، بالخصوص محکمہ اقلیتی امور، بلدیات، انسانی حقوق اور محنت کی جانب سے کمزور اور محروم طبقات کی فلاح، حقوق کے تحفظ اور ترقی کیلئے کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔ معاون خصوصی نے کہا کہ محکمہ اقلیتی امور سندھ قومی اہمیت کے حامل معاملات پر متعلقہ تنظیموں اور شراکت داروں کے ساتھ تعاون جاری رکھے گا اور محروم طبقات، خصوصاً بھٹہ مزدوروں، بچوں، خواتین اور اقلیتی برادریوں کے حقوق کے تحفظ اور معیار زندگی بہتر بنانے کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ تقریب میں سندھ اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر انتھونی نوید، وفاقی وزیر مملکت کھیل داس کوہستانی، پنجاب کی رکن صوبائی اسمبلی و چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو سارہ احمد، پنجاب اسمبلی کی رکن و پارلیمانی سیکریٹری برائے اقلیتی و انسانی حقوق سونیا آشر، وزیراعلیٰ سندھ کے معاونین خصوصی راج ویر سنگھ سوڈھا اور دیچی کولہی، ون مین کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر شعیب سڈل سمیت ارکان پارلیمنٹ، سرکاری افسران، سول سوسائٹی، سماجی و انسانی حقوق کے کارکنان اور اقلیتی و بچوں کے حقوق کیلئے کام کرنے والے نمائندوں نے شرکت کی۔ اختتامی کلمات میں ڈاکٹر شام سندر ایڈوانی نے منتظمین اور میزبانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بھٹہ مزدوروں کے حقوق و فلاح، بالخصوص بچوں، خواتین اور اقلیتی خاندانوں کو درپیش مسائل پر بامعنی بحث کیلئے نشست کا انعقاد قابل قدر ہے۔

بقیہ نمبر 22

نے تعلیم تک رسائی میں مشکلات اور 14 فیصد نے ناقص امتحانی نظام کو اہم مسائل قرار دیا۔ سروے میں 11 فیصد افراد نے فنی و پیشہ ورانہ تعلیم کی کمی جبکہ 9 فیصد نے سیاسی مداخلت کو تعلیمی نظام کے زوال کی وجوہات میں شامل کیا۔

بقیہ نمبر 23

مطابق ڈی آئی جی عامر فاروقی کی سربراہی میں قائم تحقیقاتی کمیٹی نے ڈاکٹر اسامہ شیخ کو دوبارہ طلب کر کے تقریباً ایک گھنٹے پر مشتمل ویڈیو اور تحریری بیان ریکارڈ کیا۔ ڈاکٹر اسامہ نے کمیٹی کو پہلے پوسٹ مارٹم کے روز کی واٹس ایپ چیٹ بھی پیش کی، جس کے بارے میں ان کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے پوسٹ مارٹم اور اس سے متعلق امور سے اسی روز پولیس سرجن ڈاکٹر سمیعہ کو آگاہ کیا تھا۔ ڈاکٹر اسامہ کے مطابق 29 تاریخ کو میر رضا کا پہلا پوسٹ مارٹم مکمل ہونے کے فوراً بعد انہوں نے ڈاکٹر سمیعہ کو معاملے سے آگاہ کیا اور اس حوالے سے ہونے والی گفتگو ان کے موبائل فون میں محفوظ ہے۔ ان کا مزید دعویٰ ہے کہ پولیس سرجن نے ابتدائی طور پر پوسٹ مارٹم رپورٹ کو درست قرار دیتے ہوئے منظور کیا تھا، تاہم ایک، دو روز بعد مبینہ طور پر ان کے مؤقف میں تبدیلی آئی اور میڈیا پر پہلے پوسٹ مارٹم کو غلط قرار دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ڈاکٹر اسامہ نے تحقیقاتی کمیٹی کو یہ بھی بتایا کہ پہلے پوسٹ مارٹم رپورٹ کے ایک صفحے پر پولیس سرجن ڈاکٹر سمیعہ کے دستخط بعد میں کیے گئے تھے۔ تاہم ان دعووں کی حتمی تصدیق فرانزک اور تحقیقاتی عمل مکمل ہونے کے بعد ہی ہو سکے گی۔ تحقیقاتی اداروں نے ڈاکٹر اسامہ کی جانب سے پیش کی گئی واٹس ایپ چیٹ اور دیگر ڈیجیٹل شواہد کی صداقت جانچنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق موبائل فون فرانزک تجزیے کیلئے این سی سی آئی اے کو بھیجا جائے گا، جہاں واٹس ایپ گفتگو، پیغامات کی تاریخ و وقت اور دیگر ڈیجیٹل شواہد کا جائزہ لے کر یہ معلوم کیا جائے گا کہ چیٹ اصل ہے یا اس میں کسی قسم کی تبدیلی کی گئی۔ دوسری جانب میر رضا قتل کیس کی تحقیقات کیلئے قائم سنگل رکنی جوڈیشل کمیشن نے مقتول کے بزنس پارٹنر احمد بھرجے سے بھی مختلف امور پر پوچھ گچھ کی اور میڈیا پر کیس سے متعلق بعض بیانات دینے پر انہیں محتاط رہنے کی ہدایت کی۔ جوڈیشل کمیشن کے سربراہ جسٹس عمر سیال نے احمد بھرجے کو روسٹرم پر طلب کر کے ان کی عمر اور کیس سے متعلق مختلف سوالات کیے۔ احمد بھرجے نے بتایا کہ ان کی عمر 26 سال ہے

بقیہ نمبر 24

میں صوبائی وزرا، مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکریٹری سندھ اور متعلقہ محکموں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ورکرز ویلفیئر بورڈ سندھ کی 3 خالی نشستوں پر تقرریوں کی منظوری دے دی۔ 12 رجسٹرڈ لیبر فیڈریشنز سے موصول ہونے والی نامزدگیوں کی بنیاد پر حبیب الدین جنیدی، ذوالفقار علی شاہ اور ناصر عزیز منصور کو ورکرز ویلفیئر بورڈ سندھ کا رکن مقرر کیا گیا۔ ترجمان وزیراعلیٰ سندھ کے مطابق تینوں نمائندوں کی تقرری ترمیم شدہ قانون کے تحت عمل میں لائی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 25

نوجوانوں کی ترقی سے متعلق امور شامل تھے۔ کابینہ نے وزیر زراعت محمد خان بخش مہر کی سربراہی میں قائم وزارتی ذیلی کمیٹی کی سفارشات پر 25 ایکڑ تک زمین رکھنے والے گندم کاشتکاروں کیلئے اضافی معاونتی پیکیج کی منظوری دی۔ پیکیج میں ڈی اے پی کھاد یا منظور شدہ متبادل کی خریداری کیلئے سبسڈی، محکمہ خوراک کو گندم فراہم کرنے والے کاشتکاروں کیلئے اضافی ترغیب اور مستحقین کی ڈیجیٹل تصدیق شامل ہے۔ کابینہ نے محکمہ خوراک کو گندم فراہم کرنے والے کاشتکاروں کیلئے اضافی سبسڈی ایک ہزار روپے سے بڑھا کر 2 ہزار روپے فی من کر دی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پیکیج سے سندھ بھر کے تقریباً 5 لاکھ 50 ہزار گندم کاشتکار مستفید ہوں گے

بقیہ نمبر 26

مسلط کی گئی حکومت کی کارکردگی ہے، اگر انہیں اپنی ناجائز حکومت کی کارکردگی اور عوامی مقبولیت پر اعتماد ہے تو آئیں، میدان میں آ کر عوام کی طاقت کا فیصلہ ہونے دیں۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا نے کہا کہ اب فیصلہ دعووں، سرکاری اعداد و شمار یا میڈیا بیانات سے نہیں بلکہ عوام کی موجودگی اور عوامی ردعمل سے ہونے دیں، چیلنج سامنے ہے اور فیصلہ پنجاب کے عوام کریں گے جیسے انہوں نے 8 فروری کے دن تحریک انصاف کو دو تہائی اکثریت دے کر کیا تھا۔

بقیہ نمبر 27

کے معمولات کا علم تھا اور اسے معلوم تھا کہ واردات کے وقت دانش گھر پر موجود نہیں ہوگا۔ ڈی آئی جی ویسٹ کے مطابق واقعے کے روز ملزم دوپہر تقریباً 2 بجے دانش کے گھر پہنچا۔ وہ چنگچی رکشے کے ذریعے گھر کے قریب پہنچا اور پھر پیدل گھر گیا، جبکہ پولیس کے مطابق گھر پہنچنے سے قبل اس نے اپنا موبائل فون بند کر دیا تھا اور اپنی موٹر سائیکل بھی گھر پر چھوڑ دی تھی۔ پولیس کے مطابق گھر پہنچ کر ملزم نے مقتولہ مہوش کے ساتھ چائے پی۔ اس دوران مہوش نے اسے کپڑوں کی سلائی کے لیے بازار سے بکرم اور بیل لانے کو کہا، جس پر وہ بازار گیا۔ اس وقت گھر میں موجود دونوں بچے مدرسے جا چکے تھے۔ ملزم سامان لے کر واپس آیا تو خاتون اپنی شیر خوار بچی کے ساتھ گھر میں موجود تھی

بقیہ نمبر 28

احکامات جاری کر دیے۔ محسن نقوی نے کہا کہ میڈیسن کے کنٹینرز و گاڑیوں کو کسی صورت نہ روکا جائے، متعلقہ پولیس و انتظامی حکام اس ضمن میں ہدایات پر من و عن عمل یقینی بنائیں۔

بقیہ نمبر 29

جائے گا۔ پیٹرولیم ڈیلرز کو ریلیف پیکیج کی ادائیگی سٹیٹ بینک کے ذریعے 48 گھنٹوں میں اکاؤنٹس میں منتقل کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ پی پی ڈی اے کے مطابق حکومت ادائیگیوں کے طریقہ کار سے متعلق نوٹیفکیشن جلد جاری کرے گی، جبکہ وزیر پیٹرولیم نے آئندہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا عمل مزید بہتر بنانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ حکومت اور ڈیلرز کے درمیان اتفاق رائے کے بعد فیول ریلیف پیکیج پر عملدرآمد کی راہ ہموار ہوگئی اور کئی روز سے جاری ڈیڈلاک ختم ہوگیا۔ اجلاس میں پی پی ڈی اے قیادت نے شرکت کی، جن میں ملک خدا بخش، طارق حسن، انور کمال اور ملک شیر خان شامل تھے، پی پی ڈی اے سندھ کے صدر امیر خان نے زوم لنک کے ذریعے جبکہ پی پی ڈی اے پنجاب کے وائس چیئرمین راجہ وسیم نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 30

کرنے پر زور دیا ہے، پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن و استحکام پاکستان اور ایران سمیت پورے خطے کے مفاد میں ہے اور حوثیوں کو اپنی سرگرمیاں روکنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مکہ معاہدے پر کاربند ہے، تاہم اس کی آپریشنل تفصیلات ظاہر نہیں کی جاسکتیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ چین سمیت تمام علاقائی ممالک خطے میں امن کے خواہاں ہیں اور پاکستان کا مقصد بھی خطے میں امن و استحکام کا قیام ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں وسط ایشیا تک پاکستان کی رسائی ایرانی سرزمین کے ذریعے ہی ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی 13 ستمبر کو سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے گفتگو بھی ہوئی۔ ترجمان کے مطابق پاکستان ڈائیلاگ اور سفارت کاری کی حمایت جاری رکھے گا۔ لبنانی وزیر خارجہ کے دورہ پاکستان کے دوران وزیراعظم نے لبنان کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ پاکستان اور لبنان کے درمیان ایم او یو کے تحت سزا یافتہ مجرم اپنی سزائیں اپنے اپنے ممالک میں مکمل کریں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ نائب وزیراعظم کی آئی اے ای اے کے ڈائریکٹر جنرل رافیل گروسی سے بھی بات ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ بھارت کے ناظم الامور کو گزشتہ رات دفتر خارجہ طلب کیا گیا۔ 15 ستمبر کو خصوصی اقتصادی زون میں بھارتی جہاز کی جانب سے خلاف ورزی کی گئی، جسے پاکستان نے بین الاقوامی قانون اور دوطرفہ معاہدے کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ نئی دہلی میں پاکستانی ناظم الامور بھی آج بھارتی وزارت خارجہ میں اس واقعے پر ڈیمارش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ایس سی او ریٹس کی میزبانی کی جبکہ اجلاس میں مشترکہ سرگرمیوں کے حوالے سے بھی اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف آئندہ ہفتے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سیشن میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے، وزیراعظم جنرل اسمبلی میں اسلاموفوبیا، انسداد دہشتگردی، مسئلہ کشمیر اور فلسطین سے متعلق پاکستان کا موقف پیش کریں گے۔ ترجمان نے پاکستانی سکھ شہریوں کو بھارت جانے سے روکے جانے کی بات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ درست نہیں

بقیہ نمبر 31

روپے کے ضمانتی مچلکے کے عوض ضمانت منظور کی۔ سماعت کے دوران درخواست گزاروں کے وکیل فیصل صدیقی نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں ہونے والی مختلف سماعتوں کی آرڈر شیٹس عدالت کے سامنے پیش کیں اور بتایا کہ سپریم کورٹ نے 12 مئی کو ہائی کورٹ کو سزا معطلی کی درخواستوں پر دو ہفتوں میں فیصلہ کرنے کی ہدایت کی تھی۔ وکیل کے مطابق 12 مئی کے حکم کے باوجود معاملہ آگے نہیں بڑھ سکا اور اسلام آباد ہائی کورٹ میں کیس متعدد مرتبہ ملتوی ہوا

بقیہ نمبر 32

اسٹریٹ موومنٹ کو سراہا۔ قائدین نے پنجاب حکومت کی جانب سے سیاسی کارکنوں اور جمہوری آوازوں کے خلاف اقدامات کی شدید مذمت کی، ان کا کہنا تھا کہ سیاسی اختلاف کو دبانے کے لیے ریاستی طاقت کا استعمال جمہوری اقدار اور آئینی آزادیوں کے منافی ہے۔ ملاقات میں 27 ستمبر کے مارچ اور آئندہ کی سیاسی و جمہوری حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، 27 ستمبر کا مارچ مکمل طور پر پرامن، آئینی اور جمہوری ہوگا۔ قائدین نے کہا کہ عوام اپنے آئینی و جمہوری حقوق کے لیے 27 ستمبر کو سڑکوں پر نکلیں گے، صوبوں کے آئینی حقوق پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ آئین کی بالادستی، جمہوریت کے تحفظ اور عوام کے مینڈیٹ کے احترام کے لیے جمہوری قوتوں کا متحد ہونا ضروری ہے، آئین اور جمہوری اصولوں کے دفاع کے لیے واضح اور مؤثر سیاسی کردار ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 33

سندھ کے تمام امتحانی بورڈز کے چیئرمینوں کا اجلاس 28 اگست 2026ء کو منعقد ہوا، جس میں فقیر محمد لاکھو کو متفقہ طور پر ایس ایل بی سی سی کا چیئرمین نامزد کیا گیا

بقیہ نمبر 34

ضبط کی گئی گندم میں مبینہ خرد برد پر کی گئی ہے اور چیف سیکریٹری سندھ نے معطل افسران کے کیسز مزید تحقیقات کے لیے محکمہ اینٹی کرپشن سندھ اور وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کو بھجوا دیے ہیں۔ ترجمان چیف سیکریٹری سندھ نے کہا کہ تحقیقات کی روشنی میں ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق مزید کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 35

اسٹریٹجک شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، آج کے فیصلے خطے میں مستقبل کے اسٹریٹجک توازن کا تعین کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ فیصلوں کے خطے پر دور رس اثرات مرتب ہوں گے۔ چینی صدر شی جن پنگ کی جانب سے امن کے لیے پیش کیے گئے چار اصول اہم ہیں۔

بقیہ نمبر 36

کر دیا گیا۔ پاکستانی شہری کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ سعودی حکام نے تصدیق کی کہ یہ ڈرون حوثیوں کی جانب سے سرحدی علاقے سے لانچ کیا گیا تھا۔ ڈرون کا رخ طائف شہر کی طرف تھا لیکن سعودی فضائی دفاع نے اسے ہدف تک پہنچنے سے قبل ہی روک دیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ فضا میں ڈرون تباہ ہو گیا لیکن اس کے ٹکڑے شہری آبادی میں گرنے کے باعث جانی و مالی نقصان ہوا۔

بقیہ نمبر 37

مالی سال 27-2026 کے پورے عرصے کے لیے نان ای آر اے بجٹ میں 5 فیصد کی۔

بقیہ نمبر 38

ایگریکلچر یونیورسٹی اور یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد کے وائس چانسلرز شامل تھے، آرید ایگریکلچر یونیورسٹی کے نمائندگان، کابینہ ڈویژن کے حکام اور دیگر ماہرین بھی شریک ہوئے۔ کمیٹی کو سب سے پہلے کینابس کنٹرول اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (CCRA) کی جانب سے بھنگ اور ہیمپ کے شعبے کی ترقی کے لیے وضع کردہ ریگولیٹری اور تحقیقی فریم ورک پر بریفنگ دی گئی۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ اتھارٹی کا قیام بھنگ کی کاشت اور پیداوار کو ریگولیٹ کرنے، مخصوص لیبارٹری اور تحقیقی مرکز کے ذریعے تحقیق کو فروغ دینے اور قانون کے مطابق کاشت اور برآمد کے لیے لائسنس جاری کرنے کے لیے عمل میں لایا گیا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کینابس کنٹرول اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کو لائسنس کے لیے 75 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں، جو اس وقت جانچ پڑتال کے مرحلے میں ہیں۔ اتھارٹی نے اپنے امور کی انجام دہی میں درپیش مالی وسائل اور افرادی قوت کی کمی سے بھی کمیٹی کو آگاہ کیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ہیمپ یارن اس وقت چین اور برازیل سے درآمد کیا جا رہا ہے، جبکہ مقامی سطح پر ہیمپ کی کاشت اور اس کی پراسیسنگ کو فروغ دینے سے درآمدی بل میں کمی لانے کے ساتھ ساتھ کاشتکاروں کے لیے اضافی آمدن کے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ بریفنگ کے دوران ٹیکسٹائل، ادویات اور دیگر شعبوں میں ہیمپ اور کینابس کی صنعتی صلاحیت پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ سینیٹر رانا محمود الحسن نے زرعی جامعات کو اتھارٹی کی تحقیق اور ترقی کے امور سے منسلک کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے تجویز دی کہ کینابس سے متعلق کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں چیمبرز آف کامرس اور متعلقہ صنعتوں کے نمائندگان کو بھی مدعو کیا جائے تاکہ تحقیق، ریگولیشن اور مارکیٹ کے درمیان بہتر روابط قائم کیے جا سکیں۔ سینیٹر وقار علی مہدی نے تجویز دی کہ زرعی جامعات کے وائس چانسلرز کو متعلقہ تحقیقی مراکز، بشمول کینابس سے متعلق تحقیقی اداروں، کے بورڈز آف گورنرز میں نمائندگی دی جائے تاکہ علمی اور سائنسی ماہرین کی صلاحیتوں سے استفادہ کیا جا سکے۔ انہوں نے کینابس کی غیر قانونی کاشت اور پیداوار کی روک تھام کے لیے کینابس کنٹرول اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری پر بھی زور دیا۔ انہوں نے اتھارٹی کو درپیش مالی اور افرادی قوت کی مشکلات کا جائزہ لینے کے لیے ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کی تجویز بھی پیش کی۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ قانون سازی اور اتھارٹی کے قیام کا بنیادی مقصد ایک باقاعدہ اور ریگولیٹڈ کینابس صنعت کو فروغ دینا اور مستقبل میں اس کی برآمدات کی راہ ہموار کرنا تھا۔ انہوں نے دو سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود شعبے میں محدود پیش رفت پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہونے کے ناطے کینابس کے جائز طبی اور صنعتی استعمال کے مزید امکانات تلاش کر سکتا ہے۔ بعد ازاں کمیٹی نے بیجوں کی ترقی سے متعلق امور کا جائزہ لیا اور نیشنل سیڈ ڈویلپمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (NSDRA) کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر آصف علی سے بریفنگ حاصل کی۔ انہوں نے بتایا کہ اتھارٹی نومبر 2024 میں قانون سازی کے ذریعے قائم کی گئی، جس کا مقصد جدید ٹیکنالوجی پر مبنی معیاری زرعی بیج اور پودوں کا مواد فراہم کرنا، زرعی پیداوار میں اضافہ، غذائی تحفظ کو مضبوط بنانا، کاشتکاروں کی آمدن بہتر کرنا اور برآمدات کے فروغ میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر آصف علی نے موسمی اور زمینی حالات کے مطابق مختلف فصلوں کے لیے موزوں علاقوں کی زوننگ کی ضرورت پر زور دیا

بقیہ نمبر 39

برآمدی اہداف سے مشروط کیا جائے گا۔ صنعتی اراضی اور مراعات کے غلط استعمال کی روک تھام کیلئے مؤثر احتسابی نظام بھی وضع کیا جائے گا۔ حکام نے اجلاس کو بتایا کہ متعدد صنعتکار مناسب مراعات اور سہولتوں کی فراہمی پر کراچی انڈسٹریل پارک میں برآمدی صنعتیں قائم کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ احد چیمہ نے ہدایت دی کہ صنعتی پارک کو فعال بنانے کیلئے پانی، گیس اور سڑکوں سمیت بنیادی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ پانی کی فراہمی اور 11 کلومیٹر رابطہ سڑک کی تعمیر کیلئے سندھ حکومت سے رابطہ کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وزارت پٹرولیم اور سوئی سدرن گیس کمپنی صنعتی پارک میں گیس کی فراہمی یقینی بنائیں گے۔ کراچی انڈسٹریل پارک کی فعالیت سے ملکی برآمدات میں اضافے اور پاکستان اسٹیل ملز کی واجب الادا ذمہ داریاں کم کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 40

کے مضبوط بحری انضمام کی عکاسی کرتا ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ بہتر بحری رابطہ کاری سے پاکستانی برآمد کنندگان کے لیے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور ملک کی عالمی تجارتی پوزیشن مزید مستحکم ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بندرگاہوں کی ترقی اور تجارتی سہولت کاری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، اس سلسلے میں بحری شعبے میں بہتری کے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 41

احصہ ہوں گے، کابینہ کو نیچر ریکروٹمنٹ پالیسی پر بھی بریفنگ دی گئی جبکہ آسان کاروبار ایکٹ 2026 پر بھی کابینہ کو بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم افتخار گیلانی نے کہا کہ لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کر کے عوام کا اعتماد بحال کرنا ہے، کابینہ اور بیوروکریسی نے مل کر کام کرنا ہے، عوام کی نمائندگی سیاسی لوگوں سے بہتر کوئی نہیں کرسکتا۔ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ تمام محکمہ جات تھرڈ پارٹی ریکروٹمنٹ قانون کے مطابق رولز میں ترمیم کریں، تھرڈ پارٹی کے ذریعے صرف اہلیت اور صلاحیت کی بنیاد پر بھرتیاں ہوں گی۔ افتخار گیلانی نے شکایات پورٹل فعال ہونے تک وزیراعظم آفس میں شکایات ڈیسک قائم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گورننس کیلئے پیسوں کی نہیں، رویے اور انداز بدلنے کی ضرورت ہے، گورننس کا رویہ ہر صورت بدلنا پڑے گا۔

بقیہ نمبر 42

لے جاتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا تھا، جبکہ ملزم ندیم حسین کو دیگر ملزمان کو بچانے کی کوشش کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔ تفتیشی رپورٹ میں پاکستان اسٹیل ملز کے سیکیورٹی اہلکاروں نثار احمد اور سجاد حسین کو فرائض میں غفلت اور امانت میں خیانت کا مرتکب قرار دیا گیا ہے۔ چالان کے مطابق ڈائریکٹر اے اینڈ پی چوہدری محمد اکرم نے سینئر افسر ہونے کا ناجائز فائدہ اٹھایا اور مدعی پر مقدمے سے دستبردار ہونے کیلئے دباؤ ڈالا۔ تفتیشی افسر کے مطابق ایک ملزم ثواب خان کا نام ناکافی شواہد کی بنا پر چالان سے خارج کر دیا گیا ہے۔ ملزمان پر چوری اور مجرمانہ فعل کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ دریں اثنا ڈائریکٹر اے اینڈ پی چوہدری محمد اکرم نے عدالت میں ضمانت کی درخواست بھی دائر کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 43

گورنر سندھ اور ان کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے مرحوم کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی اور دعا کی۔ سید مراد علی شاہ نے مرحوم کی مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ اور سندھ حکومت گورنر سندھ اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں۔

بقیہ نمبر 44

حدود ٹاکیلی اسٹاپ کے قریب کامیاب کارروائی کر کے مزدا ٹرک نمبر TKB-925 میں گٹکا میٹریل سپلائی کرنے کی کوشش کو ناکام بنا کر 2 ملزمان محمد صالح ولد محمد درس اور محمد عامر ولد سید وقار احمد کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے مزدا ٹرک کو قبضے میں لیکر دوران تلاشی 320 کلو گٹکا میٹریل اور 300 پڑیاں گٹکا ماوا سمیت گرفتار کرلیا۔ ملزمان کے خلاف تھانہ ساکرو پر گٹکا ایکٹ کے تحت الگ الگ مقدمات درج کر دیے گئے ہیں۔ پولیس کی کامیاب کارروائی پر تعلقہ ساکرو کی سماجی مذہبی سیاسی جماعتوں تاجر برادری اور شہریوں نے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل چانڈیو انسپکٹر گلزار تنیو اور پولیس کی پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا ہے

بقیہ نمبر 45

میں رکھنے کے بعد رہا کیا گیا۔ سلمان اکرم راجہ کے مطابق انہیں حراست میں رکھنے کا مقصد صرف اعجاز ستی مرحوم کے جنازے میں شرکت سے روکنا تھا، عوام کا خوف فیصلہ سازوں سے عقل و فہم چھین چکا ہے اور انسانی حقوق بے معنی ہو چکے ہیں۔ سلمان اکرم راجہ نے اپنی حراست کے دوران نیک تمناں کا اظہار کرنے والے دوستوں کا بھی شکریہ ادا کیا۔ قبل ازیں سلمان اکرم راجہ کو اشتیاق ستی کے جنازے میں شرکت سے واپسی پر انہیں تھانہ نیلور کی حدود میں گرفتار کیا گیا تھا جس کی تصدیق اپوزیشن اتحاد کے ترجمان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کی تھی۔

سندھ کابینہ کے فیصلے عوامی خدمت کے عملی ایجنڈے کا تسلسل ہیں، شرجیل میمن

سیاست کا مرکز عوام کو صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے، عوامی خدمت کے اداروں کو سندھ حکومت ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی

پیپلز پارٹی نعروں کی نہیں، عملی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے' سندھ میں زمینوں کے ریکارڈ کا نظام جدید اور شفاف بنایا جا رہا ہے، سینئر وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ کابینہ کے فیصلے عوامی خدمت کے عملی ایجنڈے کا تسلسل ہیں، پیپلز پارٹی نعروں کی نہیں، عملی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت کے پاس فیصلے، منصوبے اور عوامی خدمت کا عملی ایجنڈا ہے، سندھ میں زمینوں کے ریکارڈ کا نظام جدید اور شفاف بنایا جا رہا ہے، جو ایک انقلابی قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاک چین ٹیکنالوجی سے زمینوں کے ریکارڈ کو محفوظ اور شفاف بنایا جائے گا، سندھ کے عوام کو زمینوں کے معاملات میں غیر ضروری دفتری چکروں سے نجات دلانا چاہتے ہیں، زمینوں کے ریکارڈ میں فراڈ اور ملکیتی تنازعات کی روک تھام حکومت کی ترجیح ہے۔ سندھ کے سینئر وزیر نے کہا کہ سندھ میں صحت کے شعبے میں ایک اور بڑا عوامی منصوبہ شروع کیا جا رہا ہے، ایدھی فاؤنڈیشن کے اشتراک سے این آئی سی ایچ میں 445 بستروں کا میڈیکل ٹاور اہم پیش رفت ہے۔ شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کی سیاست کا مرکز عوام کو صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے، عوامی خدمت کے اداروں کو سندھ حکومت ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اپنے آئینی اور مالی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، سندھ کے نوجوانوں کو مایوسی نہیں، مواقع چاہئیں، نوجوانوں کے لیے تعلیم، صحت، کھیل اور گرین سکلز کے مواقع پیدا کیے جا رہے ہیں۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ سندھ کی نئی اسپورٹس پالیسی نوجوانوں کے مستقبل کی پالیسی ہے، کھیل کو محض تفریح نہیں، نوجوانوں کی صلاحیتوں کے فروغ کا ذریعہ بنایا جا رہا ہے، کراچی سے تھرتک سندھ کے ہر نوجوان کو یکساں مواقع ملنے چاہئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مصنوعی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

مرکزی مسلم لیگ کا کراچی پریس کلب پر مکہ المکرمہ، سعودی عرب کو فضائی خطرات کے خلاف احتجاج

لانگ مارچ مقررہ تاریخ پر ہوگا، پرامن احتجاج کریں گے، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر

پشاور (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ لانگ مارچ مقررہ تاریخ پر ہی ہوگا، ہم کوئی شوقیہ مارچ نہیں کر رہے بلکہ یہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

آزاد کشمیر کابینہ کا پہلا اجلاس، تعلیمی پیکیج 2026 کے جائزہ کیلئے کمیٹی قائم

مظفر آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم افتخار گیلانی کی زیر صدارت آزاد کشمیر کابینہ کا پہلا اجلاس ہوا، جس میں تعلیمی پیکیج 2026 کا جائزہ لینے کیلئے تین رکنی کمیٹی قائم کر دی گئی۔ وزرا وقار احمد نور، اظہر صادق اور عمیر نعیم کمیٹی کا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

اسٹیل ملز سے 36 ٹن سامان چوری، 8 ملزمان کیخلاف حتمی چالان جمع

کراچی (ویب ڈیسک) جوڈیشل مجسٹریٹ ملیر کی عدالت میں پاکستان اسٹیل ملز سے 22 ویلر ٹرک کے ذریعے 36 ٹن سامان چوری کرنے کے مقدمے میں تفتیشی افسر نے حتمی چالان جمع کرا دیا، جس میں سیکیورٹی گارڈز اور سینئر افسر سمیت 8 ملزمان کو نامزد کیا گیا ہے۔ چالان کے مطابق پولیس نے عبدالواحد، لیاقت خان، زاہد خان اور خالد کو ڈمپر میں چوری شدہ سامان لے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

مزدا ٹرک میں گٹکا میٹریل سپلائی کرنے کی کوشش ناکام، دو گٹکا میٹریل سپلائر ملزمان گرفتار

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل چانڈیو کی احکامات پر ٹھٹھہ پولیس کی کامیاب کارروائیوں کا سلسلہ ضلع بھر میں تیزی سے جاری، مزدا ٹرک میں گٹکا میٹریل سپلائی کرنے کی کوشش ناکام، دو گٹکا میٹریل سپلائر ملزمان گرفتار، 320 کلو گٹکا میٹریل 300 پڑیاں گٹکا ماوا، 1 مزدا ٹرک، مقدمہ درج، ایس ایچ او تھانہ ساکرو انسپکٹر گلزار تنیو بمعہ اسٹاف نے تھانہ ساکرو کی حدود .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

مقامی حکومت کا محکمہ حب میں عدالت روڈ پر نئے سیوریج ڈرین نظام کی تعمیر کی نگرانی کر رہا ہے

وزیراعلیٰ سندھ کی گورنر سندھ سے ملاقات، سسر کے انتقال پر تعزیت

کراچی (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی اور ان کے سسر سید امام رضا کریم کے انتقال پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ سندھ نے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

900 بندرگاہوں کی عالمی درجہ بندی میں پاکستان 34 ویں نمبر پر

کراچی (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ دنیا کی تقریباً 900 بندرگاہوں کی درجہ بندی میں پاکستان 34 ویں نمبر پر آ گیا ہے جبکہ کراچی پورٹ کی عالمی بحری رابطہ کاری میں بھی نمایاں بہتری آئی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی پورٹ کا پورٹ لائنر شپنگ کنیکٹیویٹی انڈیکس اسکور 343 تک پہنچ گیا ہے، جو عالمی تجارت سے پاکستان کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

پی آئی اے کی اگر 2015 میں نجکاری ہوتی تو 900 ارب کا نقصان نہ ہوتا، ڈاکٹر فاروق ستار

اسلام آباد (ویب ڈیسک) متحدہ قومی موومنٹ کے رہنما فاروق ستار کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے نجکاری کا اجلاس ہوا، زرعی ترقیاتی بینک کی نجکاری .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

پاکستان پہلے سے بہتر معاشی پوزیشن پر ہے، ترقی کا تسلسل جاری رہے گا، وزیر خزانہ

پاکستان امداد پر مبنی تعلقات سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب بڑھ رہا ہے، وفاقی وزیر خزانہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اب پہلے سے بہتر معاشی پوزیشن میں ہے اور معاشی بہتری کا تسلسل رواں مالی سال میں بھی جاری ہے۔ لیڈرز ان اسلام آباد بزنس سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ بڑی صنعتوں کی پیداوار میں بہتری آئی ہے، ترسیلات زر میں مضبوط اضافے سے کرنٹ اکاؤنٹ کو فائدہ ہو رہا ہے جبکہ آئی ٹی برآمدات بھی مسلسل بڑھ رہی ہیں۔ ملک پائیدار اور برآمدات پر مبنی معاشی ترقی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

کوئٹہ میں سامنگلی روڈ پر سفر کرنے والوں کا متعلقہ حکام کی غفلت کی وجہ سے فوری سڑک کی مرمت کا مطالبہ

صنعتکاروں کے مسائل کا فوری حل حکومت کی ترجیح ہے، چیف سیکریٹری سندھ

یلو لائن منصوبے سے متعلق کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے تمام تحفظات دور کیے جائیں گے، کاٹی میں صنعتکاروں سے خطاب

صنعتوں کیلئے ون ونڈو آپریشن یقینی بنا رہے ہیں، یلو لائن منصوبے سے متعلق کاٹی کے تحفظات دور کیے جائیں گے، آصف حیدر شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے کہا ہے کہ صنعتکاروں کے مسائل کا فوری حل حکومت کی ترجیح ہے، صنعتوں کیلئے ون ونڈو آپریشن پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے، صنعتکار اپنی تجاویز پیش کریں تاکہ ان پر فوری کارروائی کی جاسکے۔ کاٹی میں صنعتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکریٹری سندھ نے کہا کہ کراچی کے ساتوں صنعتی زونز کو .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

وسائل و اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنا ناگزیر ہے، بلال اظہر کیانی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر مملکت خزانہ و محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش بنیادی مسائل کے حل اور بہتر سروس ڈیلیوری کے لیے وفاق اور صوبوں کو ترجیحات کو یکجا کرنا اور وسائل و اختیارات کو نچلی سطح تک .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

ایران جنگ میں امریکی جنگی جرائم کے شواہد مل گئے، اقوام متحدہ

ایران میں 28 فروری کو ایک اسکول اور ایک اسپورٹس کمپلیکس پر حملے کیے گئے، 200 کے قریب ہلاکتیں ہوئی تھیں

لندن (ویب ڈیسک) اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے تحت قائم ایران سے متعلق آزاد فیکٹ فائنڈنگ مشن نے ایک رپورٹ شائع کی ہے جس میں امریکی جنگی جرائم کی ہولناک داستان بیان کی گئی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق فیکٹ فائنڈنگ مشن کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ایسے معقول شواہد ملے ہیں جن سے امریکا کے ایران میں جنگی جرائم ثابت ہوجاتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بالخصوص امریکا کارواں سال فروری میں ایران میں ایک گرلز اسکول اور ایک .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

کراچی پورٹ کی بحری رابطہ کاری' عالمی اسکور تاریخ کی بلند ترین سطح پر

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی پورٹ نے عالمی بحری رابطہ کاری کے میدان میں اہم پیش رفت کرتے ہوئے 2026 کی دوسری سہ ماہی کے دوران پورٹ لائنر شپنگ کنیکٹیویٹی انڈیکس (پی ایل ایس سی آئی) میں 343 کا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

27 ستمبر کو تحریک انصاف اسلام آباد نہیں پہنچے گی، فیصل کریم کنڈی

اگر پی ٹی آئی اسلام آباد پہنچ جاتی ہے تو کیا بانی پی ٹی آئی رہا ہو جائیں گے، گورنر خیبر پختون خوا

لاہور (ویب ڈیسک) گورنر خیبر پختون خوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو تحریک انصاف اسلام آباد نہیں پہنچے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر پی ٹی آئی اسلام آباد پہنچ جاتی ہے تو کیا بانی پی ٹی آئی رہا ہو جائیں گے، عدالتوں نے ان کو سزا دی ہے، وہ بھگتنے کے بعد ہی باہر آئیں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کو دیگر صوبوں سے خطرہ لاحق نہیں ہونا چاہیے۔ گورنر خیبر پختون خوا نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب ہماری بہو ہیں، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

کوئٹہ کے قندھاری بازار میں مزدور اپنے خاندان کی کفالت کے لیے سامان اٹھا کر لے جا رہا ہے

اسکیم 33 میں پانی چوری کیخلاف کارروائی، 5 غیر قانونی کنکشن منقطع

کارروائی کے دوران پمپس، پائپس اور پانی چوری میں استعمال ہونے والا ٹینکر تحویل میں لے لیا گیا، ڈرائیور پولیس کے حوالے

سیکیورٹی ٹیم نے رند گوٹھ میں عمران میمن کے زیر استعمال مقام پر 84 انچ قطر کی پانی کی لائن کو پنکچر کر کے قائم 3 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن نے پانی چوری، غیر قانونی کنکشنز، ہائیڈرنٹس اور ٹینکر فلنگ پوائنٹس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسکیم 33 کے رند گوٹھ اور مدینہ کالونی میں پانی کی لائنوں کو پنکچر کر کے قائم کیے گئے 5 غیر قانونی کنکشن منقطع کر دیے، جبکہ پمپس، پائپس اور دیگر سامان سمیت ایک واٹر ٹینکر بھی تحویل میں لے لیا گیا۔ واٹر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ورکرز ویلفیئر بورڈ سندھ کی نشستوں پر تقرریوں کی منظوری

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ کابینہ نے ورکرز ویلفیئر بورڈ سندھ کی 3 خالی نشستوں پر تقرریوں کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت وزیراعلیٰ ہاؤس میں سندھ کابینہ کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

فقیر محمد لاکھو سندھ بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کے سربراہ مقرر

کراچی (ویب ڈیسک) انٹر بورڈز کوآرڈینیشن کمیشن (آئی بی سی سی) نے اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کراچی کے چیئرمین فقیر محمد لاکھو کو سندھ بورڈز کمیٹی آف چیئرمین (ایس بی سی سی) کا چیئرمین مقرر کر دیا۔ آئی بی سی سی کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سندھ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

میر رضا قتل کیس، ڈاکٹر اسامہ نے پولیس سرجن کی واٹس ایپ چیٹ پیش کردی

کمیشن کے بعض بیانات پر برہمی، ڈاکٹر اسامہ نے تحقیقاتی کمیٹی کے سامنے شواہد پیش کردیے

کراچی (ویب ڈیسک) نوجوان تاجر میر رضا قتل کیس کی تحقیقات میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، پہلے پوسٹ مارٹم کرنے والے میڈیکولیگل آفیسر (ایم ایل او) ڈاکٹر اسامہ شیخ نے تحقیقاتی کمیٹی کے سامنے پولیس سرجن ڈاکٹر سمیعہ کے ساتھ ہونے والی واٹس ایپ گفتگو سمیت اہم شواہد پیش کردیے، جبکہ شواہد کی صداقت جانچنے کیلئے ان کا موبائل فون فرانزک تجزیے کے لیے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کو بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

مقامی حکومت نے گوجرانوالہ میں جی ٹی روڈ خوبصورتی منصوبے کی نگرانی کی

ترقیاتی اسکیموں میں تاخیر اور غفلت برداشت نہیں، ندیم میمن

بے ضابطگی ثابت ہونے پر ذمہ داروں کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیکریٹری کالج ایجوکیشن سندھ ندیم الرحمن میمن کی زیر صدارت محکمہ کالج ایجوکیشن کی جاری ترقیاتی اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس ہوا، جس میں صوبے بھر میں جاری منصوبوں، پی سی فور، مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن کمیٹی کی جانب سے صوبے بھر میں ترقیاتی اسکیموں میں تاخیر اور غفلت پر واضح کیا گیا ہے کہ سرکاری خزانے کے مفاد پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، جبکہ سست روی کا شکار منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں۔ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

پولیس نے سرجانی ٹاؤن، کراچی میں خاتون اور اس کے تین بچوں کے قتل کے ملزم کو گرفتار کر لیا

پیٹرول مہنگا، مہنگائی کے ستائے عوام پر نیا بوجھ ہے، شازیہ مری

حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مزید مہنگائی کا بوجھ ڈال رہی ہے، مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی ترجمان شازیہ مری نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے عوام کو ایک اور مہنگائی کا جھٹکا دے دیا ہے۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ پہلے ہی مہنگائی کے ستائے عوام پر پیٹرول کی قیمت میں اضافے کا نیا بوجھ ڈال دیا گیا، حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پیٹرول مزید مہنگا کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

60 فیصد پاکستانی ملکی تعلیمی نظام سے غیر مطمئن

انسٹی ٹیوٹ فار پبلک اوپینین ریسرچ کے سروے میں 35 فیصد نے نظام تعلیم پر اطمینان کا اظہار کیا

کراچی (ویب ڈیسک) انسٹی ٹیوٹ فار پبلک اوپینین ریسرچ کے نئے سروے میں 60 فیصد پاکستانیوں نے ملکی تعلیمی نظام سے عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نہ ہونے کی نشاندہی کی ہے۔ سروے کے مطابق 35 فیصد افراد نے ملکی تعلیمی نظام پر اطمینان کا اظہار کیا، جبکہ 29 فیصد نے کمرشلائزیشن اور بھاری فیسوں کو تعلیمی نظام کے بنیادی مسائل میں شمار کیا۔ رپورٹ کے مطابق 19 فیصد افراد نے ناقص معیار تعلیم، 15 فیصد نے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

98 فیصد مرد دوستوں کے سامنے اپنی بیوی کا مذاق اڑاتے ہیں، اداکارہ سنیتا مارشل

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی اداکارہ و ماڈل سنیتا مارشل نے معاشرے میں مردوں کے اپنی بیویوں کی جانب نامناسب رویے پر اظہار خیال کیا ہے۔ سنیتا مارشل نے کہا کہ تقریباً 98 فیصد مرد دوستوں میں بیٹھ کر اپنی بیوی کا مذاق اڑاتے ہیں، یہ ہمارے یہاں دیسی کلچر میں زیادہ ہے لیکن مغرب میں ایسا کچھ نہیں ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ اگر بیوی نے سب .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

بھٹہ مزدوروں کے مسائل صوبائی نہیں، قومی مسئلہ ہیں، شام سندر ایڈوانی

کراچی (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے اقلیتی امور ڈاکٹر شام سندر ایڈوانی نے کہا ہے کہ سندھ اور پنجاب کے بھٹہ مزدوروں کو درپیش مسائل محض صوبائی یا وفاقی معاملہ نہیں بلکہ قومی اہمیت کا مسئلہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

روشم خان کے قتل کیخلاف دھرنا' فنکشنل لیگ رہنماؤں کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) منگھوپیر کے علاقے میں گھر میں ڈکیتی کے دوران 16 سالہ حافظ قرآن روشم خان کے قتل کے خلاف مقتول کے اہلخانہ اور علاقہ مکینوں کا احتجاجی دھرنا جاری ہے۔ دھرنے میں پاکستان مسلم لیگ فنکشنل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام عالمی سطح پر مریم نواز کی گڈ گورننس کا اعتراف ہے، عظمیٰ بخاری

5 سال تک 5 لاکھ افراد کو اپنی چھت فراہم کرنا مریم نواز کا ٹارگٹ ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ اپنی چھت اپنا گھر منصوبہ دنیا کے 5 بڑے منصوبوں میں شامل ہے اور پاکستان کا سب سے بڑا منصوبہ ہے۔ اپنی چھت اپنا گھر منصوبہ پنجاب حکومت نے اپنے وسائل سے بنایا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

ڈیزل 500، پیٹرول 430 روپے تک پہنچ سکتا ہے، حفیظ پاشا

کراچی (ویب ڈیسک) سابق وزیر خزانہ حفیظ پاشا نے خبردار کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کی بندش اور عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کی صورتحال برقرار رہی تو پاکستان میں ڈیزل کی قیمت 500 جبکہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان آج تحفظ حرمین شریفین منائے گی

اسلام آباد (پ ر) سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم امیر اور علامہ عبدالرشید حجازی ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کی ہدایت پر ایرانی سرپرستی میں حوثی باغیوں کے ذریعے مکہ مکرمہ سعودی عرب پر میزائل حملوں کے خلاف .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

کرسٹیانو رونالڈو کے النصر چھوڑنے کی قیاس آرائیاں، جنوری میں کلب سے علیحدگی کا امکان

ریاض (ویب ڈیسک) کرسٹیانو رونالڈو کا النصر میں مستقبل ایک بار پھر سوالیہ نشان بن گیا، سعودی کلب کو اے ایف سی چیمپئنز لیگ ایلیٹ کے ابتدائی میچ میں العین کے ہاتھوں 4-0 کی شکست کا سامنا کرنا پڑا جس کے بعد النصر ویسٹرن ریجن کی لیگ ٹیبل میں پہلے راؤنڈ کے بعد آخری نمبر پر ہے۔ 15 ستمبر کو کھیلے گئے میچ میں رونالڈو نے گول پر 5 کوششیں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

میئر کراچی اور چیئرمینز کی مدت میں توسیع کیخلاف سندھ ہائیکورٹ میں درخواست

بلدیاتی عہدوں کی مدت مکمل ہونے پر بروقت انتخابات کرائے جائیں، لوکل گورنمنٹ ترمیمی ایکٹ 2026 کی شق 3 کالعدم قرار دینے کی استدعا

پیپلز پارٹی اختیارات اور وسائل پر قابض ہے اور بلدیاتی اداروں کو اختیارات دینے کے لیے تیار نہیں' امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان

کراچی (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے میئر کراچی اور چیئرمینز کے عہدوں کی مدت میں توسیع اور انہیں ایڈمنسٹریٹر مقرر کرنے کے خلاف سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ جماعت اسلامی کی جانب سے دائر درخواست میں سندھ لوکل گورنمنٹ ترمیمی ایکٹ 2026 کی شق 3 کو کالعدم قرار دینے، حتمی فیصلے تک میئر اور چیئرمینز کو ایڈمنسٹریٹر مقرر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17